آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز ہفتہ 02 جنوری 2021ء بمطابق 17 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 02

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

ظہر	6:00
عصر	1:45
مغرب	4:00
عشاء	5:40
	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغرین	6:15

PDM میں اعتماد کا فقدان ہے 31 دسمبر آگئی اور چلی گئی استعفے نہیں آئے، وزیر خارجہ

سندھ حکومت سے کسی صورت وہ علیحدگی اختیار کرنے کے لیے تیار نہیں، وزیر اعظم مستعفی نہیں ہوئے، جنوری بھی آئے گی اور چلی جائے گی

ہم سیاسی عمل کے قائل ہیں، ہمیں آئین کی پاسداری کرنی ہے، پارلیمنٹ کے فورم پر آیئے، ہم بات کر سکتے ہیں، اپنا ایجنڈا سامنے رکھیں

این آر او کو ایک طرف کر دیجیے اور احتساب کے عمل سے نجات کا جو منصوبہ ہے اسے ایک طرف رکھ دیجیے، محمد علی درانی کس کی نمائندگی کر رہے ہیں، یہ تو وہی بہتر بتا سکتے ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں اعتماد کا فقدان دکھائی دے رہا ہے، پیپلز پارٹی نے لانگ مارچ کو نواز شریف کی واپسی سے مشروط کر دیا ہے، سندھ حکومت سے کسی صورت وہ علیحدگی اختیار کرنے کے لیے تیار نہیں، 31 دسمبر آگئی اور چلی گئی، استعفے نہیں آئے، وزیر اعظم مستعفی نہیں ہوئے، جنوری بھی آئے گی اور چلی جائے گی، ہم سیاسی عمل کے قائل ہیں، ہمیں آئین کی پاسداری کرنی ہے، پارلیمنٹ کے فورم پر آیئے، ہم بات کر سکتے ہیں، اپنا ایجنڈا سامنے رکھیے، این آر او کو ایک طرف کر دیجیے اور احتساب کے عمل سے نجات کا جو منصوبہ ہے اسے ایک بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیر اعظم عمران خان پاکستانی نجی ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے

2021 ترقی کا سال ہوگا کاروبار دوست پالیسی بنائیں گے، وزیر اعظم

ہماری صنعتیں چل پڑی ہیں سیمنٹ کی صنعت اور ٹیکسٹائل کی صنعت میں نمو دیکھی گئی ہے، 2021 میں کاروبار دوست پالیسی بنائیں گے اور جو دولت پیدا ہوگی اس سے ہم عوام کو غربت سے نکالنے پر خرچ کریں گے

میرے سال نو 2021 کے دو اہداف ہیں جن میں ایک تو "یونیورسل ہیلتھ کوریج" ہے جو پنجاب، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا کیلئے ہوگا، ہر گھرانے کے پاس ہیلتھ انشورنس ہوگی

حکومت کا پہلا سال معیشت کی بحالی میں لگا، دوسرے سال بدقسمتی سے کورونا کا سامنا ہوگیا جس میں حکومتی حکمت عملی کامیاب رہی، ہم نے لوگوں کو بھوک سے بچایا اور پاکستان نے برصغیر میں کووڈ میں سب سے زیادہ تیزی سے ریکور کیا، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ 2021 ترقی کا سال ہوگا، ہماری صنعتیں چل پڑی ہیں سیمنٹ کی صنعت اور ٹیکسٹائل کی صنعت میں نمو دیکھی گئی ہے، 2021 میں کاروبار دوست پالیسی بنائیں گے اور جو دولت پیدا ہوگی اس سے ہم عوام کو غربت سے نکالنے پر خرچ کریں گے، خیبر پختونخوا، پنجاب اور گلگت بلتستان میں رواں سال کے آخر میں یونیورسل صحت کوریج فراہم کر دیں گے۔ پاکستان میں متعارف ہونے والی گاڑیوں کی اسلام آباد میں افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ میرے سال نو 2021 کے دو اہداف ہیں جن میں ایک تو "یونیورسل ہیلتھ کوریج" ہے جو پنجاب، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا کیلئے ہوگا، ہر گھرانے کے پاس ہیلتھ انشورنس ہوگی، شہری کسی بھی ہسپتال میں جا کر ہیلتھ کارڈ دکھا کر اپنا علاج بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیر امور کشمیر علی امین گنڈاپور سے پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر کے صدر ملاقات کر رہے ہیں

وزیر تعلیم سے آل پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز سپریم کونسل کے وفد کی ملاقات

نجی تعلیمی اداروں کے لئے مالی امداد اور بلا سود قرضوں کی فراہمی کا میکنزم تشکیل دے دیا ہے، شفقت محمود

نجی تعلیمی اداروں کے لئے مالی امداد اور بلا سود قرضوں کی فراہمی کا میکنزم تشکیل دے دیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر تعلیم شفقت محمود سے آل پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز سپریم کونسل کے وفد کے ملاقات کی جس میں وفد میں چوہدری سعید اللہ، ملک ابرار، حافظ بشارت، افضل بابر، ناصر محمود اور ابرار احمد شامل تھے۔ اعلامیہ کے مطابق ملاقات میں پارلیمانی سیکرٹری ایجوکیشن وجیہہ اکرم، وفاقی سیکرٹری تعلیم فرخ حامد خان و دیگر سینئر آفیسرز نے بھی شرکت کی۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ نیو کے کرونا وائرس ویری اینٹ پاکستان میں رپورٹ ہو چکا ہے، اس وائرس کے پھیلاؤ کی رفتار نارمل ویری بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

کیڈرز کے رولز میں تبدیلی کیلئے تمام کیڈرز کے نمائندوں کا مشترکہ اجلاس جلد بلایا جائے گا، صبور خان کاکڑ

ملازمین کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے، ایڈیشنل چیف سیکرٹری

کوئٹہ (این این آئی) ایڈیشنل چیف سیکرٹری صبور خان کاکڑ، سیکرٹری صحت نور الحق بلوچ اور سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی ارشد مجید نے کہا ہے کہ کیڈرز کے رولز میں تبدیلی کیلئے تمام کیڈرز کے نمائندوں کا مشترکہ اجلاس جلد بلایا جائے گا اور ملازمین کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

موسمی تغیرات سے نمٹنے کیلئے PDMA کی ٹیموں کو متحرک کر دیا گیا ہے، ضیاء اللہ لانگو

پی ڈی ایم اے کی ٹیم کی کاوشوں سے پیشگی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ لوگوں کو کسی بھی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (ٹی این) صوبائی وزیر داخلہ و پی ڈی ایم اے میر ضیاء اللہ لانگو نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ محکمہ پی ڈی ایم اے نے صوبے میں contingency plan کے تحت مربوط حکمت عملی اپنا کر شدید موسمی تغیرات سے نمٹنے کے لیے صوبہ بھر کے اضلاع میں ان پوائنٹس بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

خضدار میں قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ، باپ بیٹی سمیت تین افراد جاں بحق دو بیٹے شدید زخمی

نعشوں کو ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا گیا زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ روانہ کر دیا گیا

خضدار (این این آئی) خضدار میں قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ، المناک واقعہ میں باپ بیٹی سمیت تین افراد جاں بحق دو بیٹے شدید زخمی وڈھ لیویز کے مطابق جمعہ کے روز کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ ہیر کے مقام پر کوئٹہ سے کراچی جانیوالی کار مخالف سمت سے آنیوالی ٹرک کے ساتھ تصادم کے نتیجے بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

آفیسران و اہلکاران کی مثالی یکجہتی اتحاد اور اتفاق خوش آئند ہے، نظامت تعلقات عامہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی

کوئٹہ (این این آئی) آفیسران و اہلکاران کی مثالی یکجہتی اتحاد اور اتفاق خوش آئند ہے اور اس سے ہمیں سو فیصد یقین ہے کہ اپنے جائز حقوق منوانے میں کامیاب رہیں گے ہماری جدوجہد آئینی و قانونی اور پرامن ہے ان جائز حقوق کیلئے کئی بار متعلقہ اعلیٰ حکام سے بات ہوئی جو بے سود رہی اور محکمہ کو مسلسل نظر انداز کیا گیا انہوں نے کہا کہ اگر ہمارے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

نیا سال ہمارے لیے امید، خوشیوں اور خوشحالی کا سال ثابت ہوگا، سردار یار محمد رند

نئے سال کے موقع پر ہمیں بطور قوم اتحاد، یکجہتی اور پوری لگن کے ساتھ ترقی و خوشحالی کی راہ پر آگے بڑھنا چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے پارلیمانی سربراہ و صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے اپنے جاری کردہ پیغام میں نئے سال کی آمد پر تمام اہل وطن کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ نیا سال ہمارے لیے امید، خوشیوں اور خوشحالی کا سال ثابت ہوگا نئے سال بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

2021 عوام دشمن غالم ووٹ چور مافیا کے خاتمے اور عوامی اقتدار کی بحالی کا سال ہے، مریم اورنگزیب کا فواد چوہدری کو جواب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے وفاقی وزیر فواد چوہدری کو جواب دیا ہے کہ 2021 عوام دشمن غالم ووٹ چور مافیا کے خاتمے اور عوامی اقتدار کی بحالی کا سال ہے۔ ترجمان نے اپنے بیان میں کہا کہ 2021 عوام دشمن غالم ووٹ چور مافیا کے خاتمے اور عوامی اقتدار کی بحالی کا سال ہے۔ ترجمان بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

چیف سیکریٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر سے ڈی ایس اختر محمود ملک ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

قلات لیویز کی کامیاب کارروائی اغواء ہونے والی دو لڑکیوں کو بازیاب کر لیا

قلات (این این آئی) قلات لیویز کی کامیاب کارروائی اغواء ہونے والی دو لڑکیوں کو بازیاب کر لیا قلات لیویز کے مطابق بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ایئرپورٹ روڈ کے علاقے میں گیس سلنڈر پھٹنے سے سعید احمد نامی شخص جاں بحق ہو گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گیس سلنڈر پھٹنے سے ایک شخص جاں بحق۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو کوئٹہ کے علاقے ایئر بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

اوتھل اور لاکھڑا میں دو الگ الگ خونی تصادم، ایک شخص جاں بحق

اوتھل (این این آئی) اوتھل اور لاکھڑا میں دو الگ الگ خونی تصادم، ایک شخص جاں بحق، دو خواتین سمیت 8 افراد زخمی، پولیس بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان 5 اضلاع میں چوبیس گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 13 کیسز سامنے آگئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان 5 اضلاع میں چوبیس گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 13 کیسز سامنے آگئے جبکہ بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ملک بھر میں کورونا وائرس سے ایک دن میں 71 افراد جاں بحق، فعال کیسز کی تعداد 34 سے تجاوز کر گئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں کورونا وائرس سے ایک دن میں 71 افراد جاں بحق ہو گئے، فعال کیسز کی تعداد 34 ہزار بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

ملتان، 2020 میں 500 ملین کی رقم ریکور کر کے قومی خزانہ میں جمع کرائی گئی، ترجمان

ملتان (این این آئی) نیب ملتان نے سال 2020ء کی اپنی کارکردگی کی سالانہ رپورٹ جاری کر دی۔ نیب ترجمان محمد بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

پاکستانی رواں سال پاکستان کی ترقی میں مزید اپنا حصہ ڈالیں، پرویز مشرف کا پیغام

لندن (این این آئی) سابق صدر جنرل (ریٹائرڈ) پرویز مشرف نے پاکستانیوں کو نئے سال کی مبارکباد دیتے ہوئے بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

استعفوں کے انبار لگانے والے شیر گیدڑ کی طرح بھاگ گئے، محسن عزیز

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر محسن عزیز نے کہا ہے کہ استعفوں کے انبار لگانے والے شیر گیدڑ کی طرح بھاگ گئے۔ جمعہ بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

طورخم بارڈر کے ذریعے ہم وسطی ایشیاء تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں، وزیر داخلہ

بارڈر مینجمنٹ سسٹم میں بین الاقوامی معیار کے مطابق جدت لا رہے ہیں، طورخم بارڈر پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے

افغانستان میں بھی اپنے حدود میں مسافروں اور کنٹینرز کی سہولت کیلئے ترجیح بنیادوں پر اقدامات اٹھانے چاہئیں، شیخ رشید

طورخم (این این آئی) وفاقی وزیر برائے داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ طورخم بارڈر کے ذریعے ہم وسطی ایشیا تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں، این ایل سی ٹرینل پر چار بڑے کمپونٹ آنے جانے والے مسافروں اور کنٹینرز پر اسٹنگ میں مزید سہل ہو جائیگا اور تمام حائل مشکلات دور ہو جائیں گی۔ وفاقی وزیر برائے داخلہ شیخ رشید نے طورخم بارڈر کا دورہ کیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بارڈر مینجمنٹ سسٹم میں بین الاقوامی معیار کے مطابق جدت لا رہے ہیں، طورخم بارڈر پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ طورخم بارڈر کے ذریعے ہم وسطی ایشیاء تک رسائی حاصل کر سکتے بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

نیا سال نئی امنگ اور خوشحالی کا نوید ثابت ہوگا، بشریٰ رند

نئے سال میں صوبائی حکومت نئے عزم اور جوش و جذبے سے ترقی اور خوشحالی کے منازل طے کرنے کیلئے پرعزم ہے

کرونا کی حالیہ لہر انتہائی خطرناک ہے اور عوام کی غیر سنجیدگی سے معمولات خراب ہونے کا اندیشہ ہے، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات

کوئٹہ (ٹی این) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات محترمہ بشریٰ رند نے کہا ہے کہ نیا سال نئی امنگ اور خوشحالی کا نوید ثابت ہوگا۔ نئے سال میں صوبائی حکومت نئے عزم اور جوش و جذبے سے ترقی اور خوشحالی کے منازل طے کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ کرونا کی موجودہ صورتحال میں عوام احتیاطی تدابیر اختیار کر کے اس مرض کو شکست دینے کیلئے حکومتی ہدایت پر عمل پیرا ہو۔ انہوں نے کہا کہ کرونا کی حالیہ لہر انتہائی خطرناک ہے اور عوام کی غیر سنجیدگی سے معمولات خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ لہذا عوام موجودہ حالات میں حکومتی اقدامات پر ہر صورت عمل کریں تاکہ یہ مرض مزید پھیلانے کی بجائے ختم ہو سکے انہوں نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت شروع دن سے ہی کرونا سمیت دیگر متعدی امراض کی روک تھام کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے۔ جس سے عوام میں کرونا سمیت دیگر متعدی امراض کی روک تھام ممکن ہو چکا ہے اور عوامی سپورٹ اور حکومتی اقدامات سے ہم جلد کرونا پر قابو پالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری حکومتی ایس بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

غیر قانونی طور پر ایران جانے والے 61 پاکستانی تارکین وطن کو ایرانی حکام نے گرفتار کر لیا

نوکنڈی (آن لائن) غیر قانونی طور پر ایران جانے والے 61 پاکستانی تارکین وطن کو ایرانی حکام نے گرفتار کر لیا تصدیقات کے مطابق پاکستانی تارکین وطن بہتر روزگار کی تلاش میں ایران کے راستے سے یورپ جانا چاہتے تھے جنہیں ایرانی حکام نے گرفتار کر کے سرحدی شہر تفتان میں راہداری گیٹ پر انچارج لیویز کے حوالے کر دیا۔

وزیر اعظم عمران خان نے ترنول اسلام آباد میں 100 بستروں پر مشتمل پناہ گاہ کا افتتاح کر دیا

ترنول پناہ گاہ کے قیام کے بعد اسلام آباد میں پناہ گاہوں کی تعداد مجموعی طور پر 5 ہو گئی ہے

موجود ڈاکٹر مریضوں کے مفت طبی معائنے کیلئے دنیا بھر میں موجود 500 سے زائد ڈاکٹرز کی ٹیمیں طبی مشورے فراہم کریں گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے ترنول اسلام آباد میں 100 بستروں پر مشتمل پناہ گاہ کا افتتاح کر دیا۔ جمعہ کو وزیر اعظم عمران خان نے پناہ گاہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر معاون خصوصی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ ڈاکٹر ثانیہ نشتر، ایم ڈی بیت المال عون عباس بپی اور ترکی کے سفیر احسان مصطفیٰ پروکول بھی موجود تھے۔ وزیر اعظم عمران خان نے 2021 کی پہلی شام ترنول اسلام آباد پناہ گاہ میں غریب اور مستحق افراد کے ساتھ گزاری۔ وزیر اعظم نے محکمہ بیت المال اور ترکی کی بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

دنیا کو بھارتی ریاستی دہشتگردی کے شواہد فراہم کر دیئے، پاکستان

2020 میں بڑے چیلنجز کا سامنا رہا مگر حکومت پاکستان نے کرونا وباء کی پہلی لہر پر بہترین انداز سے قابو پایا، ترجمان دفتر خارجہ

کرونا وباء کے دوران بیرون ملک پھنسے پاکستانیوں کو واپس لایا گیا، 515 روز سے مقبوضہ کشمیر میں محاصرہ جاری ہے، زاہد حفیظ چوہدری کی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ زاہد حفیظ چوہدری نے کہا ہے کہ 2020 میں بڑے چیلنجز کا سامنا رہا مگر حکومت پاکستان نے کرونا وباء کی پہلی لہر پر بہترین انداز سے قابو پایا، کرونا وباء کے دوران بیرون ملک پھنسے پاکستانیوں کو واپس لایا گیا، پاکستان نے دنیا کو بھارتی ریاستی دہشتگردی کے شواہد فراہم کئے، 515 روز سے مقبوضہ کشمیر میں محاصرہ جاری ہے، بھارتی حکومت نے آبادیاتی تبدیلی کیلئے 20 لاکھ غیر کشمیریوں کو ڈومیسائل جاری کئے، پاکستان کو بھارتی جیلوں میں قید کشمیری قیادت کی صحت کے حوالے سے تشویش ہے، افغان امن عمل میں پاکستان کا انتہائی اہم کردار ہے، عالمی برادری نے پاکستان کے کردار کو سراہا ہے اب دنیا افغان مسئلہ کے سیاسی حل کی طرف بڑھ رہی ہے، امید ہے پانچ جنوری سے شروع ہونے والا افغان مذاکرات کا دور مثبت نتائج لائے بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

نیا سال بلوچستان خصوصاً حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع ہرنائی و زیارت کیلئے ترقی و خوشحالی کا سال ثابت ہوگا، نور محمد خان دمڑ

ہرنائی کوئٹہ، ہرنائی سنجاوی قومی شاہراہوں کی تعمیر کا ٹینڈر جاری ہونا ضلع ہرنائی عوام کیلئے نئے سال کے پہلے دن کا بڑا تحفہ اور خوشخبری ہے

کوئٹہ (پ ر) بی این پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ نیا سال 2021 پاکستان، بلوچستان اور ہمارے حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع ہرنائی و زیارت کیلئے ترقی و خوشحالی کا سال ثابت ہوگا ضلع ہرنائی کے عوام کو ہرنائی کوئٹہ، ہرنائی سنجاوی شاہراہ کی تعمیر کا این ایچ اے کی جانب سے 20 جنوری کو ٹینڈر طلب کرنا سب سے بڑا تحفہ اور خوشخبری ہے حلقہ انتخاب کے عوام کے اجتماعی مسائل کے حل کیلئے دن رات جدوجہد کر رہا ہوں عوام نے جس اعتماد کا اظہار بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

کوئٹہ نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالحی کرمتی و دیگر کے صدر آصف مسیح نے سال کا کیک کاٹ رہے ہیں

نیب بلوچستان نے صوبے کے کرپشن سے لوٹی گئی تقریباً 7 ارب کی رقم برآمد کی

501 افراد کو گرفتار کیا، 13606 شکایات پر کام کرتے ہوئے بدعنوان عناصر کے خلاف 346 ریفرنسز دائر کئے

این اے او 1999 کے تحت 500 سے زائد شکایت کی جانچ پڑتال اور تحقیقات مکمل کرنے کے بعد 24 ریفرنس دائر کئے

کوئٹہ (آن لائن) نیب بلوچستان نے صوبے سے کرپشن سے لوٹی گئی تقریباً 7 ارب کی رقم برآمد کی، 501 افراد کو گرفتار کیا، 13606 شکایات پر کام کرتے ہوئے بدعنوان عناصر کے خلاف 346 ریفرنسز دائر کئے، 213 کیسز کے فیصلے سناتے ہوئے متعدد ملزمان کو سزائیں سنائیں نیب بلوچستان کا سال 2020 کی رواں سال کی کارکردگی کے مطابق قومی احتساب بیورو بلوچستان نے صوبے میں کرپشن سے لوٹی گئی 7 ارب سے زائد کی رقم کرپٹ عناصر سے برآمد کر کے قومی خزانے میں جمع کی، 501 افراد کو گرفتار کیا جبکہ 13606 شکایت پر کام کرتے ہوئے بدعنوان عناصر کے خلاف تحقیقات مکمل کر کے 346 ریفرنس دائر کئے جس پر احتساب عدالتوں نے 213 کیسز میں فیصلے سناتے ہوئے متعدد ملزمان کو سزائیں سنائیں۔ نیب بلوچستان نے رواں سال بھی کرپٹ عناصر کے خلاف بے لاگ احتساب کا تسلسل مزید تیز کرتے ہوئے این اے او 1999 کے تحت 500 سے زائد شکایت کی جانچ پڑتال بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے خلاف دکانداروں نے ٹائر جلا کر احتجاجاً روڈ ٹریفک کے لیے بند کر دیا

ژوب (این این آئی) بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے خلاف ژوب روڈ پر دکانداروں نے ٹائر جلا کر احتجاجاً روڈ ٹریفک کے لیے بند کر دیا۔ مظاہرین نے کیسکو کے خلاف نعرے لگائے مظاہرین کے شرکاء نے کہا کہ مقامی و پڑاکی نارو اغیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے عوام کی زندگی کو اجیرن بنا دی ژوب میں بجلی کی 18 گھنٹے سے زیادہ لوڈ شیڈنگ ہو رہی بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم عمران خان کی اسمگلنگ میں ملوث عناصر کیخلاف سخت ترین اقدامات لینے کی ہدایت

اسمگلڈ تیل کی فروخت کی وجہ سے معیشت کو 100 سے 150 ارب روپے سالانہ نقصان پہنچ رہا ہے

اس وقت ملک میں 2094 پیٹرول پمپس اسمگلڈ تیل کی فروخت میں ملوث ہیں، بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے اسمگلنگ میں ملوث عناصر کیخلاف سخت ترین اقدامات لینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسمگلنگ کی وجہ سے ملکی معیشت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے، انسداد اسمگلنگ اقدامات سے محصولات میں اضافہ ہوگا۔ جمعہ کو وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت انسداد اسمگلنگ اقدامات پر اعلیٰ سطح اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ، وزیر اطلاعات شبلی فراز، مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد، معاون خصوصی بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

نیب سیاستدانوں کی پگڑیاں اچھالنے والا جھوٹا ادارہ ہے، عبدالغفور حیدری

مولانا فضل الرحمن کی اسلام آباد میں 2 ارب کی جائیداد، دبئی، سعودی اور پاکستان میں کاروبار میڈیا اور نیب ٹرائل زبانی کلامی ہے

سیاست سیاستدانوں کا کام، بگڑے بگڑے ہو جائیں گے نیب کے سامنے پیش نہیں ہوں گے مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ نیب سیاستدانوں کی پگڑیاں اچھالنے والا جھوٹا ادارہ ہے، ایسے فیصلے اور قوانین جو سیاستدانوں کو بدنام اور رسوا کرتے ہیں کو جوتے کی نوک پر رکھتے ہیں، مولانا فضل الرحمن کی اسلام آباد میں 2 ارب کی جائیداد، دبئی، سعودی اور پاکستان میں کاروبار میڈیا اور نیب ٹرائل زبانی کلامی ہے، سیاست سیاستدانوں کا کام بگڑے بگڑے ہو جائیں گے نیب کے سامنے پیش نہیں ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن کا قصور یہ ہے کہ جس شخصیت کو جن شخصیات نے سلیکٹ کیا ہے وہ ان کے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کرتا ہے ملک میں سیاست سیاستدانوں کا کام بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

کورونا کیساتھ ہم نے معیشت کی بحالی کیلئے بھی اقدامات کیے، حماد اظہر

ماضی کی حکومتوں نے معیشت اور صنعت کو نقصان پہنچایا، حکومت سنبھالتے ہی مشکل فیصلے کرنے پڑے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر صنعت و پیداوار حماد اظہر نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے مقابلے کے ساتھ ہم نے معیشت کی بحالی کیلئے بھی اقدامات کیے۔ وزیر صنعت و پیداوار حماد اظہر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب حکومت سنبھالی تو برآمدات میں کمی اور درآمدات میں اضافہ ہو رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کی حکومتوں نے معیشت اور صنعت کو نقصان پہنچایا، حکومت سنبھالتے ہی مشکل فیصلے کرنے پڑے۔ حماد اظہر نے کہا کہ وفاقی حکومت نے اپنے اخراجات میں بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

اسلام آباد جمعیت علماء اسلام کی سربراہ مولانا فضل الرحمن سے ان کی رہائش گاہ پر مولانا حافظ حمد اللہ ملاقات کر رہے ہیں

سال 2020 کی پر بھاری رہا مختلف واقعات و حادثات میں 114 افراد جاں بحق

دکی (آن لائن) سال 2020 کی پر بھاری رہا مختلف واقعات و حادثات میں 114 افراد جاں بحق جبکہ 1530 زخمی ہو گئے۔ مختلف سرکاری ذرائع سے اکٹھی کی گئی اعداد و شمار کے مطابق کوئلہ کانوں میں مختلف حادثات میں کل 53 کانکن جاں بحق جبکہ 449 کانکن زخمی ہو گئے بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

خاتون اول ثمینہ عارف علوی کا نئی دہلی کا آغاز پر خصوصی افراد کے ادارے کراچی ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کا دورہ

کراچی (این این آئی) سال کا پہلا دن کراچی ووکیشنل ٹریننگ سینٹر (کیو ایس) اور صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی کی اہلیہ مسز ثمینہ علوی کے لئے یادگار بن گیا۔ خاتون اول ثمینہ علوی جمعہ کے روز کراچی ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کا دورہ کیا۔ جہاں پھولوں کے گلدستے اور مسکراتے بچوں کے چہروں نے انکا استقبال کیا۔ کیو ایس کے بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

کرک مندر پشاور میں حملہ ملک میں مذہبی افراتفری پھیلانے کا شاخسانہ ہے، حافظ طاہر محمود اشرفی

اسلام میں اس کی کسی طرح بھی اجازت نہیں ہے، تمام اقلیتوں کو آئین کے مطابق حقوق حاصل ہیں

کراچی (این این آئی) کرک مندر پشاور میں حملہ ملک میں مذہبی افراتفری پھیلانے کا شاخسانہ ہے اسلام میں اس کی کسی طرح بھی اجازت نہیں ہے تمام اقلیتوں کو آئین کے مطابق تمام حقوق حاصل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وزیر اعظم پاکستان کے معاون خصوصی برائے مذہبی ہم آہنگی حافظ طاہر محمود اشرفی نے اوکاڑہ کے ایک علماء کے وفد سے ملاقات میں کیا وفد کی قیادت صاحبزادہ شکیل الرحمن قاسمی نے کی حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ علماء کرام کی ذمہ داری ہے کہ ملک میں امن سلامتی اور بھائی چارے بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

پاکستان اور بھارت کے مابین جوہری تنصیبات اور سہولیات کی فہرستوں کا تبادلہ

دونوں ممالک ہر سال یکم جنوری کو ایک دوسرے کو اپنی جوہری تنصیبات اور سہولیات سے آگاہ کرتے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے مابین جوہری تنصیبات اور سہولیات کی فہرستوں کا تبادلہ کر دیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان میں جوہری تنصیبات اور سہولیات کی فہرست باضابطہ طور پر بھارتی ہائی کمیشن کے نمائندے کے حوالے کر دی گئی، وزارت خارجہ میں جوہری تنصیبات اور سہولیات کی فہرست بھارتی ہائی کمیشن کے نمائندے کے حوالے کی گئی، ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نئی دہلی میں ہندوستانی وزارت خارجہ نے بھی پاکستانی ہائی کمیشن کے نمائندے کو بھارتی بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

مچھ کے قریب بی بی نانی کے مقام پر ٹوڈی کار اور مزدا میں تصادم تین افراد زخمی ہو گئے

مچھ (آن لائن) مچھ کے قریب بی بی نانی کے مقام پر ٹوڈی کار اور مزدا میں تصادم تین افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو مچھ ہسپتال میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا تصدیقات کے مطابق بولان قومی شاہراہ پر حادثات روز کا معمول بن گئے مچھ کی روز بولان قومی شاہراہ بی بی نانی کے

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

02 جنوری 2021ء

ملک بھر میں کورونا وائرس پھر بے قابو

ملک بھر میں کورونا وائرس سے ایک دن میں 71 افراد جاں بحق ہوگئے، فعال کیسز کی تعداد 34 ہزار سے زائد ہوگئی۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 41 ہزار 039 کورونا ٹیسٹ کئے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 ٹیسٹس کی تعداد 67 لاکھ 37 ہزار 107 ہوگئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں مزید 2 ہزار 463 مثبت کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، اس طرح پاکستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 82 ہزار 178 ہوگئی ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق اب تک سندھ میں 2 لاکھ 15 ہزار 679، پنجاب میں ایک لاکھ 38 ہزار 608، خیبر پختونخوا میں 58 ہزار 701، اسلام آباد میں 37 ہزار 888، بلوچستان میں 18 ہزار 168، آزاد کشمیر میں 8 ہزار 277 اور گلگت بلتستان میں 4 ہزار 857 افراد میں کورونا کی تشخیص ہوئی ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق اس وقت ملک بھر میں کورونا کے فعال مریضوں کی تعداد 34 ہزار 773 ہوگئی ہے، 2 ہزار 216 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا سے مزید 71 افراد جاں بحق ہوگئے ہیں جس کے بعد اب اس وبا سے جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد مجموعی طور پر 10 ہزار 176 ہوگئی ہے۔ این سی او سی کے مطابق کورونا سے ایک دن میں 2 ہزار 156 مریض صحت یاب ہوئے جس کے بعد صحت یاب ہونے والے مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 37 ہزار 229 ہوگئی ہے۔ دعا گو ہیں کے اللہ پاک اس سال ہمیں کورونا وائرس سمیت ہر مشکل سے پناہ دے۔

نیا سال، بگڑی عادتیں اور پرانے مسائل!!!!!

آج دو ہزار اکیس شروع ہو رہا ہے دنیا بھر میں گذرا ہوا سال ہمیشہ ایک مشکل اور خوفناک

[redacted]

سال کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ دو ہزار بیس کا آغاز کرونا وائرس کے ساتھ ہوا اور پھر سارا سال دنیا کے بیشتر ممالک اس وائرس کی تباہ کاریوں کا شکار نظر آئے۔ اس وائرس نے انسان کو اس کی بے بسی کا احساس بھی دلانے کی کوشش کی ہے۔ کسی کو احساس ہوا ہے یا نہیں یہ الگ بات ہے لیکن حقیقت یہی ہے کہ نت نئی ایجادات اور بے پناہ ترقی کے زعم میں مبتلا حضرت انسان شاید سب کچھ بھلا چکا تھا لیکن کرونا وائرس نے اسے کچھ نہ کچھ سوچنے پر ضرور مجبور کیا ہوگا۔ ہر وقت نئی ایجادات اور ترقی کے سفر میں مبتلا انسان کو ایک وائرس نے گھر میں بند کر دیا۔ کئی ماہ گذرنے کے باوجود آج بھی اس وائرس سے نجات نہیں مل سکی۔ کہیں ویکسین تیار ہو رہی ہے تو کہیں وائرس پہلے سے بھی زیادہ شدت کے ساتھ حملہ آور ہو رہا ہے۔ دنیا دو ہزار اکیس میں اس وائرس کے خوف میں داخل ہو رہی ہے۔ دعا ہے کہ اس سال اس وائرس سے نجات ملے، اس کا مکمل علاج دریافت ہو سکے اور دنیا ایک مرتبہ پھر معمول پر آ سکے۔ بچوں، جوانوں، بزرگوں اور خواتین کو اس جان لیوا وائرس کے خوف سے نجات ملے۔ دو ہزار بیس، بیماری، تکلیف، اذیت اور موت کے خوف میں گذرا ہے۔ وائرس ہزاروں قیمتی جانے نگل گیا۔ کرونا نے دنیا کی بڑی بڑی معیشتوں کا بیڑہ غرق کر دیا۔ پاکستان بھی اس کی وجہ سے بہت زیادہ متاثر ہوا ہے۔ وطن عزیز میں بالخصوص کمزور طبقہ کا نہایت متاثر ہوا ہے۔ اس دوران کاروبار بند ہونے سے جو مناظر سڑکوں اور چوراہوں پر کمزور طبقے کے حوالے سے دیکھنے کو ملے ہیں انہوں نے بہت تکلیف دی ہے۔ یہ مناظر زندگی کا سب سے بڑا سبق بھی ہیں۔ یہ وہ سال تھا جب لوگوں کو کام نہ ملنے کی خوف نے گھیرے رکھا اور وہ مجبوری میں بھیک مانگتے نظر آئے۔ اللہ نہ کرے میرے ملک کو دوبارہ کبھی ایسا وقت دیکھنا پڑے۔ جو گذر گیا ہے اللہ کبھی ایسا وقت دوبارہ نہ لائے۔ پاکستان میں یومیہ اجرت پر کام کرنے، کمزور مالی حیثیت میں زندگی گذارنے والے افراد بہت بڑے امتحان سے گذرے ہیں۔ عین اس وقت یہ مالداروں، صنعتکاروں، جاگیرداروں کے لیے بھی آزمائش یا سبق تھا کہ وہ جان سکیں کہ غیر ضروری مال و دولت یا سرمایہ بھی کسی کام نہیں آتا۔ زندگی میں ایسا وقت بھی آتا ہے جب آپ وسائل ہونے کے باوجود اپنے گھر سے بھی باہر نہیں نکل سکتے۔ اللہ ہمیں آج سے شروع ہونے والے نئے سال میں کرونا سمیت دیگر مشکلات سے نجات عطائی ٭ فرمائے۔ کرونا وائرس کی شدت کے دنوں میں بھی مفاد پرست اور ظالم افراد منفی کارروائیوں سے باز نہیں جہاں اس دوران مدد کا جذبہ نظر آیا وہیں مفاد پرست بھی حرکت میں رہے۔ کہیں ناجائز منافع خوری تھی، کہیں ذخیرہ اندوزی تھی، کہیں استحصال تھا تو کہیں مجبوری سے فائدہ اٹھایا جاتا رہا۔ جہاں مدد کرنے والے نظر آئے وہیں مجبوریوں سے فائدہ اٹھانے والے ظالم بھی کارروائیاں کرتے رہے۔ نئے سال کا آغاز اس عزم کے ساتھ ہونا چاہیے کہ ہم بگڑی عادتوں سے نجات حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

حکومت پاکستان نے عوام کو نئے سال کے آغاز پر عوام کو بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا تحفہ دیا ہے۔ سال کے آخری دن وزیراعظم عمران خان نے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کو قابو کرنے کے حوالے سے اجلاس بھی کیا۔ سال بھر ایسے اجلاس جاری رہے۔ وزیراعظم عمران خان نوٹس لیتے رہے لیکن بدقسمتی سے اشیائی خوردونوش کی قیمتوں کو قابو نہ کیا جا سکا۔ دو ہزار بیس وہ مشکل سال تھا جب پاکستان کو چینی اور گندم جیسی بنیادی ضروری اشیائی درآمد کرنا پڑیں۔ چینی اور گندم میں ہم خود کفیل ہوا کرتے تھے لیکن دو ہزار بیس میں ہم کرونا وائرس کی تباہ کاریوں کا شکار رہے وہیں حکومتی سطح پر فیصلہ سازی کرونا وائرس سے بھی زیادہ تباہ کن ثابت ہوئی۔ وزرائی کے غلط فیصلوں کا بوجھ عوام کو اٹھانا پڑا، عوام پر مہنگائی کے جن کا قبضہ رہا۔ ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہوتا رہا۔ آٹے کی قلت رہی۔ آٹا ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر فروخت ہوتا رہا جب کہ چینی کی قیمتیں بھی ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں۔ چینی کی ایک سو پندرہ روپے فی کلو تک فروخت ہوتی رہی۔ پھلوں اور سبزیوں کی قیمتوں کا بھی یہی حال رہا۔ کبھی کسی نے سوچا بھی نہیں تھا کہ اور کہ آٹھ سو روپے فی کلو ہو جائے دو ہزار بیس کی سختیوں میں پاکستانیوں نے ایک مشکل یہ بھی دیکھی ہے کہ وہ پھل اور سبزیاں جن کی پیداوار میں ہم خود کفیل سمجھے جاتے تھے ہم ان سے بھی محروم رہے۔ نئے سال کے آغاز پر بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کی نئی لہر آئے گی۔ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ حکومت اپنے تئیں انہیں قابو کرنے کی کوشش کرے گی لیکن ناکام رہے گی۔ چند چھاپے ہوں گے، کچھ گرفتاریاں ہوں گی لیکن کوئی کامیابی نہیں ہوگی۔ کیونکہ لاگت میں اضافے کے بعد کسی بھی چیز کی قیمت میں کمی ممکن نہیں ہے۔ دو ہزار بیس اشیائے خوردونوش کی مناسب قیمتوں اور بلاتعطل فراہمی کے حوالے سے بھی بدترین رہا ہے۔ حکومت کا کوئی قدم کوئی فیصلہ کوئی حکمت عملی کامیاب نہ ہو سکی۔ اللہ کرے کہ دو ہزار اکیس میں اس حوالے سے عام آدمی کی زندگی میں سکون آ سکے۔ یہ دعا اور خواہش تو کی جا سکتی ہے لیکن عملی طور پر اس حوالے سے کوئی بہتری کی امید نہیں کی جا سکتی۔

سال کے آخری دن مسلم لیگ کی ایم پی اے حنا پرویز بٹ نے مریم نواز شریف کی تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا ہے "وزیراعظم ان شاءاللہ" نون لیگ سال کا اختتام اس خواہش پر کر رہی ہے اللہ اس ملک پر رحم فرمائے۔ وہ خاتون جس کے والد نے ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، ملک کو قرضوں کے جال میں پھنسایا۔ نواز شریف ملک کے دفاعی اداروں کو کمزور کرنے کی بین الاقوامی سازش کا حصہ بنا رہا اور اب اس کی بیٹی ملک کی وزیراعظم بننے کی خواہش رکھتی ہے۔ اللہ اس ملک پر رحم فرمائے۔ کرونا کے ساتھ ساتھ کرونا سے زیادہ خطرناک اور تباہ کن سیاست دانوں سے بھی نجات عطائی ٭ فرمائے۔ مولانا فضل الرحمن جیسے مفاد پرستوں سے نجات ملے۔ وہ جو مذہب کے نام پر سیاست کرتے رہتے ہیں، ملک کے نوجوانوں کو ذاتی مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں ان مفاد پرستوں سے نجات ملے۔ میاں نواز شریف کی جماعت نے سال کے آخری دن ایک اور یوٹرن لیا ہے۔ وہ ضمنی انتخابات میں بھی حصہ لے رہے ہیں اور سینیٹ الیکشنز میں بھی حصہ لے رہے ہیں۔ ان سیاست دانوں کی اصلاح کے لیے بھی دعا ہی کی جا سکتی ہے۔ تین دہائیوں سے قوم کے ساتھ جھوٹ بولنے والوں کے لیے ایک نئی دہائی بھی شروع ہو رہی ہے دیکھتے ہیں وہ ضمنی انتخابات میں بھی حصہ لے رہے ہیں اور سینیٹ الیکشنز میں بھی حصہ لے رہے ہیں۔ ان سیاست دانوں کی اصلاح کے لیے بھی دعا ہی کی جا سکتی ہے۔ تین دہائیوں سے قوم کے ساتھ جھوٹ بولنے والوں کے لیے ایک نئی دہائی بھی شروع ہو رہی ہے دیکھتے ہیں اس دہائی میں یہ ملک وقوم پر کتنا ظلم کرتے ہیں۔ قارئین کرام کو نیا سال مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ اس برس ہمیں مشکلات سے بچائے اور ہمیں اسلام، پاکستان، مسلم امہ اور بالخصوص پاکستان کے مظلوم عوام کی خدمت کا موقع عطاء فرمائے۔ آمین۔

شکریہ نوائے وقت

2021 بھی وائرس زدہ سال

طیبہ ضیاء

کون کہتا ہے انیس بیس میں فرق نہیں، کرونا وائرس کی دہشت سے پوچھو 2019ء اور 2020ء میں کتنا فرق ہے۔ 2020 کرونا کا سال تھا، دہشت بیماری موت کا سال تھا اور 2021 بھی کرونا کا ہی سال ہوگا البتہ دنیا نے اب کرونا کے ساتھ جینے پر سمجھوتہ کر لیا ہے۔ ویکسین کی امید نے 2021 کو پر امید سال بنا دیا تھا مگر ایک اور وائرس کی خبر نے امید پر پانی پھیر دیا ہے۔ پوری صدی میں یہ نہیں ہوا کہ بیک وقت برطانیہ سے 40 ممالک نے زائد ممالک نے ناطہ توڑ لیا ہو اور ہر قسم کی سفری پابندیاں عائد کر دی گئی ہیں جس میں پاکستان، انڈیا کے علاوہ چھوٹے چھوٹے افریقی ممالک نے بھی گوروں کا داخلہ بند کر دیا ہے لیکن اس قدر احتیاط کے باوجود برطانیہ میں مرنے والوں کی تعداد میں ڈرامائی انداز میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ کرسمس جیسا تہوار بھی لوگوں نے نظر بندی میں گزارا ہے۔ ذرا سوچو کشمیر میں پچھلے سولہ ماہ سے سفاک ہندو نے کرفیو کے ساتھ ساتھ دوسری ناروا پابندیاں لگا رکھی ہیں۔ اگر یہ دنیا بروقت کشمیریوں کے درد کا مداوا کرتی تو شاید رب تعالیٰ اس آفت میں مبتلا نہ کرتا۔ اللہ اس انسانیت پر رحم فرمائے کہ ہر ملک میں عوام حکومتی گناہوں میں اکثر شریک نہیں ہوتی۔ یہ سب مکافات عمل اور قیامت کی نشانی ہے۔ فرعونیوں کے مظالم سے تاریخ لہولہان ہے البتہ گیہوں کے ساتھ گھن بھی پستا ہے۔ برطانیہ کیونکہ ایک رفاہی ریاست ہے جہاں عوام کے کھانے پینے رہائش اور میڈیکل تمام سہولتوں کی ذمہ دار ہے۔ امیر ممالک وبا کی آفت سے کسی نہ کسی طور نبٹ رہے ہیں لیکن خدشہ ہے کرونا صورتیں بدل بدل کر پوری دنیا میں گردش کر رہا ہے۔ بلاشبہ کرونا بندوں پر آزمائش کی گھڑی ہے۔ قیامت کی نشانی ہے۔

دور ہوئے سب اپنے کیا بیگانے کیا
ہے وہ کرونا جس نے ہر دل میں ڈر ڈالا
میں تو مروت پہلے ہی تنہا تھا بہت
اس ظالم نے اور بھی تنہا کر ڈالا

نیا سال مبارک کہتے ہوئے دل میں عجیب وساوس پیدا ہو رہے ہیں۔ ننھے ننھے بچے ماسک پہنے ہوئے ہیں۔ بچوں پر ترس آتا ہے۔ آنے والا زمانہ ان کے لئے مزید مشکل نظر آ رہا ہے۔ پچھلوں کے اعمال کا خمیازہ اگلی نسلیں بھگت رہی ہیں۔ اسلامی ممالک کا حال دیکھیں تو لگتا ہے کرونا کی آفت نے ان کا کچھ نہیں بگاڑا، ماشا اللہ وہی منافقت وہی سیاست وہی حرص وطمع۔ یہود و نصاریٰ نے ریاست اسرائیل کو قبول کرنے کی نوکری پر لگا رکھا ہے جبکہ پوری دنیا فلسطین اور کشمیر پر مظالم کی سزا بھگت رہی ہے مگر کم لوگ ہی ان نشانیوں پر غور وفکر کرتے ہیں۔ اللہ خود فرماتا ہے کہ "کیا انہوں نے کبھی اپنے آپ میں غور وفکر نہیں کیا؟ اللہ نے آسمانوں، زمین اور ان کے درمیان جو کچھ ہے ان سب کو کسی حقیقی مصلحت اور ایک مقررہ وقت تک کے لئے پیدا کیا ہے۔ مگر لوگوں میں سے اکثر اپنے پروردگار کی ملاقات سے منکر ہیں۔ (الروم) غور وفکر تو عبادت ہے، اللہ تعالیٰ نے اس بات پر متنبہ کرتے ہوئے فرمایا: "کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ ان کے دل ایسے ہو جاتے جن سے کچھ سمجھتے ہوتے اور کان ایسے جن سے وہ سن سکتے۔ بات یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں، اندھے تو وہ دل ہو جاتے ہیں جو سینوں میں ہیں۔ (الحج) کرونا وبا اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو غفلت سے بیدار کرنے کے لئے بھیجی ہے لیکن کچھ وہ ہیں جو اسے مانتے نہیں اور باقی دنیا وہ ہے جو مانتی تو ہے پر اسے ایک عارضی وبا سمجھ کر دل کو بہلا رہی ہے۔ غور وفکر کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے خصوصی طور پر اہل دانش اور عقل والوں کی بات کی ہے کیونکہ ایسے ہی لوگوں کو کائنات میں غور وفکر کا فائدہ ہوگا، یہی لوگ اس کائنات کو صرف بصارت سے ہی نہیں بلکہ بصیرت سے دیکھتے ہیں۔ اہل بصیرت ہی نیا سال کی آمد پر بھی ڈر اور خوف سے سجدہ ریز ہیں۔ شکریہ نوائے وقت

شہادت کے طمطراق تمغے (آخری قسط)

قوبر
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

اور لوح زمانہ میں ریکارڈ ہو کر کبھی نہ کبھی ضرور گونجتا ہے اور میزان نتائج میں اپنا وزن دکھاتا ہے اور یہ نوجوان شہداء بیٹے، بیٹیاں اور مائیں یوں آخرت کو جب گروہ در گروہ اپنے رب کے ہاں حاضر ہوں گے تو یہ شہداء کے گروہ میں شامل اپنے رب کے ہاں اس شان سے حاضر ہوں گے کہ تمام عالم ان پر رشک کرے گا۔

اللہ سے ہم نے بھی ملاقات کرنی ہے، اللہ جانے کب ..... ؟ اللہ جانے کہاں ..... ؟ اور کس حال میں ہوں گے؟ کتنی بڑی ملاقات ہوگی جب ایک عبد ذلیل اپنے معبود اکبر سے ملے گا؟ جب مخلوق دیکھے گی کہ خود اس کا خالق اکبر اس کے سامنے ہے، اللہ کی قسم ..... ! کیسے خوش نصیب ہیں یہ کشمیری شہداء کہ جلوہ گاہ میں اس شان سے جائیں گے کہ اس ملاقات کے موقع پر اللہ کو نذر کرنے کیلئے اللہ کا کوئی انتہائی محبوب تحفہ ان کے کفن میں موجود ہوگا، جی ہاں ان کفنوں کی جھولیوں میں جن میں بدن اور بچے ایمان وعمل کی لاش ہوگی مگر شہادت کے طمطراق تحفے سے بھی ہوگی۔ ان تحفوں کو خدائے برتر کی رحمت لپک لپک کر بوسے دے گی اور اعلان ہوگا:

توحید تو یہ ہے کہ خدا حشر میں کہہ دے
یہ بندۂ دو عالم سے خفا میرے لئے ہے

کاش ہمیں بھی اس ملاقات اور تعینی ملاقات کا کوئی خیال آتا اور تڑپا دیتا، کاش ہم بھی ایسی موت سے ہمکنار ہو جائیں جہاں فانی جسم کے تمام اعضاء باری باری قربان ہو جائیں، سب اللہ کیلئے کٹ جائیں، سب اسی کے پائے ناز پر نثار ہو جائیں جس کے دست خاص نے ان کو وجود کے سانچے میں ڈھالا ہے۔ یقیناً ان نوجوانوں کے دھڑ شیطانی قوتوں کا شکار ہو گئے ہیں مگر اشک بار آنکھوں سے سو بار چومنے کے لائق ہیں کہ فرشتے ان کو اٹھا کر اللہ کے ہاں حاضر ہو گئے ہیں اور ان کی جوانیاں اس بات کی گواہی دے رہی ہیں کہ دنیا پر نہیں یہ آخرت پر نثار ہوئی ہیں۔ انہوں نے دنیا کی کسی چیز سے نہیں، خود اللہ سے عشق کیا، انہوں نے دنیا کی ساری اشیاء اور عیش وعشرت پر نہیں خود رسول اکرم ﷺ کی ذات مبارک پر ایمان کی بنیاد رکھی، انہوں نے دنیا کی نقلی چھاؤں میں نہیں بلکہ شہادت کے پرشوق سائے میں پناہ ڈھونڈی، انہوں نے زندگی کی دلفریب اور ایمان کی شاہکار شاہراہ پر اس طرح سفر کیا ہے کہ زندگی سے ہٹ کر شہادت اور شہادت کے اس پار تک کچھ سوچنے کا کوئی سوال ہی نہیں تھا۔ وہ شباب وحسن سے وجد کرتے ہوئے اللہ کے ہاں اس طرح حاضر ہو گئے ہیں کہ حسن وجوانی بار بار ایسی حسرت کرے۔

بھارت نے آج پورے خطے کے امن کو داؤ پر لگا رکھا ہے اور اس نے پاکستان میں دہشت گردی کی آگ لگا رکھی ہے لیکن اس ساری صورتحال کے باوجود پاکستان کی مسلح افواج اور سکیورٹی ایجنسیز نے اپنی بہترین حکمت عملی کے نتیجے میں بھارت سمیت تمام دشمنوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا رکھا ہے۔ الحمدللہ!

کھیل کے میدان ویران ہونے سے نوجوان منشیات کا شکار ہونے لگے ہیں

بشیر رئیسانی

خضدار میں فٹبال کیلئے ایک اسٹیڈیم تھے جو اب کھنڈرات میں تبدیل ہو رہا ہے حکام بالا سے نوٹس لینے کی اپیل،

بھی سوچتا ہوں کہ کہیں ایسا تو نہیں کہ ایک سوچے سمجھے سازش کے تحت خضدار کے نوجوانوں کو کھیل سے دور اور منشیات پہ ڈالنے کا منصوبہ تو نہیں بنایا گیا ہو،،

جس کی واضح مثال آپ میر غوث بخش بزنجو فٹبال اسٹیڈیم کی تباہ حالی سے لے سکتے ہیں،

جب دوسرے چیزوں میں ہم باقی علاقوں سے پیچھے تھے، مگر ہمارے کھیل کے میدان ہرے بھرے اور آباد تھے۔

اب جب کہ دنیا تیزی سے آگے کی جانب ترقی کر رہی ہے

اور ہمارا خضدار بجائے ترقی کرنے کے پیچھے جا رہا ہے،

جس سے ہمارے بچے بجائے کھیلوں کے منشیات کی لت میں مبتلا ہو رہے ہیں،

اس کا واضح ثبوت کچھ تصویریں ہیں جن میں کچھ پرانے اور کچھ ابھی کے ہیں اور ابھی بھی اسٹیڈیم کی حالت زار سب کے سامنے ہے،

حالانکہ اب ہمیں بہت آگے جانا چاہیئے تھا

مگر افسوس صد افسوس ہمارا خضدار منشیات کے لحاظ سے تو بہت آگے جا چکا ہے۔

کچھ دن پہلے محترم ماما حیدر موسیانی صاحب نے لکھا تھا کہ خضدار شہر میں اتنے اسکول نہیں جتنے نشہ کے اڈے ہیں

تو میں بھی

ماما حیدر موسیانی صاحب سے اتفاق کرتا ہوں کہ واقعی منشیات کے اڈے بہت زیادہ ہیں اور نشے کے عادی افراد با آسانی نشہ خرید سکتے ہیں،

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ بلا خوف خطرہ یہ گھناؤنا کاروبار کیسے ہو رہا؟

ہمارے نمائندے اور اعلیٰ حکام کی طرف سے کوئی خاطر خواہ اقدامات دیکھنے کو نہیں مل رہا

البتہ کچھ دنوں سے سٹی تھانہ اور صدر تھانہ کے ایس ایچ او صاحبان کی جانب سے منشیات کے کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں دیکھنے کو مل رہی ہیں،

جو کہ قابل حوصلہ افزاء عمل ہے لیکن میرے خیال میں یہ کارروائیاں ناکافی ہیں،

دراصل کارروائی بڑے مگرمچھوں کے خلاف ہونا چاہیئے اور ان کے جیل سے رہائی کے بعد بھی ان پر کڑی نظر رکھنا چاہیئے کہ کہیں دوبارہ سے اپنے گھناؤنا سرگرمیاں شروع نہ کر دیں، دوسری جانب مین روڈ پر واقع شراب خانہ پر بھی ایک نظر ڈالتے ہیں۔ شراب خانہ جس کو صرف غیر مذہبوں کیلئے لائسنس جاری کیا گیا ہے۔

لیکن بجائے غیر مذہبوں کے مسلمانوں کی آبادی پہ اور انتظامیہ کے ناک کے نیچے سرعام صبح سے شام تک نوجوانوں کو شراب فروخت کرتا ہے۔

مگر سوال ہی پیدا نہیں کہ کوئی عوامی نمائندہ شراب خانے کے خلاف لب کشائی کی ہمت کرے،

اس شراب خانہ ومنشیات کے خلاف ہمارے نوجوان کراچی سے کوئٹہ تک لانگ مارچ بھی کی۔

مگر افسوس کسی ذمہ دار کے کان پر جوں تک نہیں رینگی،

حکام بالا، منتخب نمائندے، کمشنر قلات ڈویژن، ڈپٹی کمشنر، علماء کرام، سیاسی سماجی ودیگر مکاتب فکر کے لوگوں سے مطالبہ ہے کہ اس شراب خانے کو مسلمانوں کی آبادی سے ہندو محلہ منتقل کروانے میں کردار ادا کریں اور ہندو برادری کے جتنے لوگ شراب نوشی کرتے ہیں تعداد اور کھپت کو مدنظر رکھ کر اُس حساب سے شراب لانے کی اجازت دی جائے اور مسلمانوں کو شراب فروخت کرنے سے سختی سے منع کرے۔

خلاف ورزی کی صورت میں وائن شاپ سیل کر دیں،

اب آتے ہیں اسٹیڈیم کی زبوں حالی کی طرف،

تو اسٹیڈیم کے گراسی پانی کی کمی کی وجہ سے خشک بلکہ تقریباً ختم ہو چکی ہے،

آج سے تقریباً ایک سال پہلے اس حوالے سے میرا "چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن جناب نظر خان زہری صاحب" سے بات ہوئی تو چیف صاحب کا موقف یہ تھا کہ اسٹیڈیم کے لئے پلاننگ کر رہے ہیں اور بہت جلد ایک فلٹر پلانٹ لگائیں گے جس سے سیوریج کا پانی صاف کر کے اسٹیڈیم کے گراسی کے لئے کارآمد بنائیں گے،

لیکن اللہ جانے مولا جانے وہ منصوبہ ابھی تک انتوا کا شکار کیوں ہے؟

دوسری جانب BME یعنی بولان مائننگ انٹرپرائزز کمپنی نے بھی یقین دہانی کرائی ہے کہ اگلے ایک دو ماہ کے اندر اسٹیڈیم کے گراسی کے لئے پانی کا مستقل حل نکالیں گے اب اللہ جانے کہ BME کا وعدہ جو فیروز آباد کے عوام کے ساتھ کیا گیا وعدہ ہے یا پھر اس بار وعدہ پورا ہوگا۔۔۔

کے ایم سی اور پی ایم سی کے وعدہ وفا ہونے تک ہم سب امید سے ہیں۔

سال ۲۰۲۰ میں کیا کھویا کیا پایا (آخری قسط)

فوج اور عدلیہ خلاف بیانات پر حد سے بڑھ جانے والوں کے خلاف ملکی قانون کے مطابق مقدمات قائم ہونے چاہئیں۔ تاکہ اس ملک

میر افسر امان

دشمن اقدامات کو ختم کیا جا سکے۔

اپوزیشن کو بھی ایک حد سے نہ بڑھنا چاہیے۔

تاحیات نااہل اور نیب عدالت سے کرپشن میں سزا یافتہ نواز شریف کے فوج کے سربراہ کا نام، ملک کی مایا ناز خفیہ ایجنسی آئی ایس آئی کے سربراہ کا نام اور ہی پیک کے انچارج کا نام لے کر اپنے کرپشن کو چھپانے پر چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول زرداری کے مطالبہ کہ اس کا ثبوت پیش کریں پر نواز شریف کو سمجھ جانا چاہیے تھا کہ اُس نے پاکستان کے خلاف بہت بڑا الزام لگایا ہے۔

مولانا فضل الرحمان صاحب، جب سے خیبر پختون خواہ میں عمران خان نے شکست دی، عمران خان پر یہودی ہونے کا الزام لگاتے رہے ہیں۔ اب پھر جو قومی اسمبلی کی سیٹ ہار گئے تو آگ بگولہ ہو کر قومی اسمبلی نہ چلنے دینے کی دھمکیاں دیتے رہے ہیں۔ وہ بھی کھل کر فوج کے خلاف بول رہے ہیں۔ جو کسی قیمت پر عوام کو منظور نہیں۔ ساری دنیا کے ملکوں میں اسٹیبلشمنٹ کا کردار ہوتا ہے۔ ملک کی حفاظت کا کام اسٹیبلشمنٹ کا ہوتا ہے۔ سیاسیدان صرف پالیسیاں بناتے ہیں۔

اسٹیبلشمنٹ اپنے جانوں کے نذرانے پیش کر کے ملک کی حفاظت کرتی ہے۔ ہمارے دشمن اس لیے ہماری اسٹیبلشمنٹ کے خلاف ہو گئی کہ ان کی پاکستان میں برپاہ کردہ جنگ کو پاک فوج نے شکست فاش دے کر ملک میں امن قائم کیا۔ اپوزیشن کو پاک فوج مخالف مہم سے اجتناب کرنا چاہیے۔ عمران خان حکومت کو ایک حد سے بڑھنے والوں کے خلاف پاکستان کے آئین کے مطابق مقدمات قائم کر کے قرار واقعی ہی سزا دلوانی چاہیے۔ قوم کبھی بھی بھارت کے بیانیے کو تقویت پہنچانے والوں کا معاف نہیں کرے گی۔ کیا ہمارے سیکوٹی کے نوجوانوں کے کٹے سروں سے دہشت گردوں نے فٹ بال نہیں کھیلے؟۔ کیا اب بھی بھی ہمارے سیکورٹی کے نوجوان شہید نہیں ہو رہے۔ بس سب بہت ہو گیا۔ ملک کے کسی بھی فرد کا بیانیہ اگر ملک دشمن بھارت کے بیانیے کو تقویت پہنچانے والا ہوگا اسے کبھی بھی معاف نہیں کیا جائے گا۔ اس تناظر میں دیکھا جائے تو ہمارے سیاستدانوں نے ۲۰۲۰ء میں تو کچھ نہیں پایا۔ بلکہ کچھ کھویا ہی ہے۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

پروفیسر اکرم باجوہ کی عسکری نظمیں

دنیائے شعر وادب میں پروفیسر اکرم باجوہ کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں، پنجاب کے شہر وہاڑی سے تعلق والے اس شاعر نے اپنے لیے شاعری میں جس صنف کا انتخاب کیا وہ اُن کی حب الوطنی اور اپنے دیس سے محبت کی ایک ایسی داستان ہے جسے گا ہے بگاہے دہرانا اپنی دھرتی سے پیار اور مہر ووفا کا قومی تقاضا ہی نہیں بلکہ وقت کی وہ صدائے حق ہے جس پر لبیک کہنا ہر اہل قلم کی ایسی ذمہ داری بھی ہے۔

پروفیسر اکرم باجوہ نے جو شاعری کی ہے اور خاص کر اُن کی عسکری نظمیں قابل مطالعہ ہی نہیں، بلکہ قابل رشک بھی ہیں۔ کیونکہ قاری باجوہ صاحب کی عسکری نظمیں پڑھتے ہوئے شعر وسخن کے جادوئی سحر میں کھو کر رہ جاتا ہے۔

اکرم باجوہ کا کمال اُس وقت آمنڈ آتا ہے جب وہ کسی شہید وطن کو اپنی شاعری کے خوبصورت موتیوں میں پروتے ہیں تو اُن کا صفحۂ قرطاس پر خوشبو بکھیر دیتا ہے۔

حوروں نے باندھا سہرا ہے
یہ خلد بریں کا دولھا ہے
راحت سے سکوں سے لیٹا ہے
یہ دیکھو میرا بیٹا ہے

اکرم باجوہ ، میجر طفیل محمد (نشان حیدر) کو۔ یوں۔ خراج تحسین پیش کرتے ہیں

بورے بوالا کی زمیں کے اے دلاور صف شکن۔
قوم کو تاج پہ ، اور ناز ہے وطن۔

میری رائے میں اکرم باجوہ کا شعری انتخاب "تکبیر کا رنگ لہکا رہا" کا اگر تفصیلی مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ اکرم باجوہ کے اندر کا آدمی جو شاعری کرواتا ہے وہ سچا وطن پرست اور اپنے ملک کا اس قدر خیر خواہ ہے کہ اُس کی زبان وطن وطن کا ورد کرتے نہیں تھکتی اور وطن کے سوا اُس کے پاس اور کچھ نہیں۔

ایسی صورت میں جب ہم شاعر کے دوسرے پیمانوں، زاویوں اور اصناف سخن کا جائزہ لیتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ عالمی شاعری میں ایک مضبوط روایت مزاحمتی شاعری کی بھی موجود ہے لیکن اُس میں دو قسم کے

شاعر ملتے ہیں۔ ایک وہ جو جنگوں، انسانی سانحوں، آزادی کی تحریکوں اور ظلم ودہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں براہ راست شریک نہیں ہوتے پھر بھی اپنے تجربات، احساسات کے سنگ اپنی شاعری کو مزاحمتی عمل سے گزارتے ہیں۔

اکرم باجوہ نے بظاہر کوئی جنگ نہیں لڑی مگر وہ بحیثیت شاعر ہر محاذ پر خود کو موجود پاتے ہیں۔ اور ہر ہر معرکے پر پرجوش۔ ہو۔ کر پکار اُٹھتے۔ ہیں

یہ میری تاریخ کی جبیں پر جو سرخ رنگت چمک رہی ہے۔
مرے شہیدوں کے خوں کی جسمین سرخی دمک رہی ہے۔
مرے وطن کے جمال چہرے کا یہ۔ لہو ہے حسین غازہ۔
یہ لمحہ لمحہ جو کر رہا ہے مہکتی یادوں کے نقش تازہ۔
یہ ماؤ اجنم زمیں میں بو کر دیا ہے پانی بھی آنسوؤں کا۔
انہی کے خوں سے گلاب مہکے، سہانا موسم ہے خوشبوؤں کا۔

اکرام کی سوچ کا محور وطن اور وطن۔ کے رکھوالوں کے گردی گھومتا دکھائی دیتا ہے۔

باجوہ کی عسکری شاعری حرب وجنگ پر مشتمل جارحانہ شاعری ہے اور اکرم باجوہ وطن پرستی میں کٹ مرنے پر بھی کوئی مصلحت آمیزی کا عندیہ دیتے دکھائی نہیں دیتے۔ کہتے ہیں۔

نعرے گونجے تھے جہاں تن بھی وہیں کٹ کے گرے۔
مرا د

شال بقیہ 1

طرف رکھ دیجیے، محمد علی درانی کس کی نمائندگی کر رہے ہیں، یہ تو وہی بہتر بتا سکتے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خارجہ نے کہا کہ پی ڈی ایم کے اجلاس میں ہونے والے فیصلے سابقہ فیصلوں کی توسیع ہے کیونکہ فیصلے تو درپردہ ہو چکے ہیں، ان پر مہر لگی ہے اور قائدین رائے ضرور دیں گے تاہم فیصلے ہو چکے ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ فیصلہ یہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے اپنے اجلاس میں یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ استعفے ہرگز نہیں دینے، ضمنی انتخابات میں ہر صورت حصہ لینا ہے، انہوں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ سینیٹ انتخابات سے لاتعلق نہیں رہنا، یہ فیصلے وہ کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اپنا فیصلہ سنا چکی ہے کہ استعفوں کیلئے وہ فی الحال تیار نہیں ہیں، سندھ حکومت سے کسی صورت وہ علیحدگی اختیار کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں، وہ سمجھتے ہیں کہ بہت بڑی سیاسی قیمت ہوگی اور وہ قیمت دینے کے لیے وہ ذہنی اور سیاسی طور پر قائل دکھائی نہیں دے رہے۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پی ڈی ایم میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ 31 دسمبر تک تمام جماعتیں اپنے استعفے پی ڈی ایم کے صدر مولانا فضل الرحمن کو پیش کر دیں، اس پر بھی آپ نے دیکھا کہ اختلاف رائے سامنے آیا اور پیپلز پارٹی کی قیادت نے یہ کہا کہ استعفے پی ڈی ایم کے صدر کو نہیں بلکہ اپنی جماعتوں کے قائدین کو دیے جائیں گے تو یہاں بھی ہمیں اعتماد کا فقدان دکھائی دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 31 دسمبر آ گئی اور چلی گئی، استعفے نہیں آئے، آج کے اجلاس میں بھی مجھے استعفوں کا فیصلہ ہوتا ہوا دکھائی نہیں دے رہا۔ انہوں نے کہا کہ 31 جنوری ایک اور تاریخ ہے اور کہا جا رہا ہے کہ اگر 31 تاریخ تک وزیر اعظم عمران خان مستعفی نہ ہوئے تو ہم اسلام آباد پر چڑھائی کریں گے، ایک لانگ مارچ کا اعلان کیا جائے گا، 31 جنوری بھی آئے گی اور چلی جائے گی، اب دیکھنا یہ ہے کہ پیپلز پارٹی نے کیا فیصلہ کیا ہے۔

شال بقیہ 2

کرا سکیں گے، یہ بہت بڑا چیلنج ہے اور اس طرح کا پروگرام امیر ممالک میں بھی نہیں ہوتا۔ عمران خان نے بتایا کہ دوسرا پروگرام ہے کہ "کوئی پاکستان میں بھوکا نہ سوئے"، اس میں پوری قوم اور سارا ملک شامل ہوگا، آئی ٹی کا استعمال کر کے ان علاقوں کی نشاندہی کریں گے جہاں بھوک زیادہ ہے، فلاحی اداروں کے ساتھ مل کر احساس پروگرام کے ذریعے یہ نیا پروگرام لانچ کروں گا تاکہ سال کے آخر تک پاکستان وہ ملک بن جائے کہ کوئی شہری بھوکا نہ سوئے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت کا پہلا سال معیشت کی بحالی میں لگا، دوسرے سال بدقسمتی سے کورونا کا سامنا ہو گیا جس میں حکومتی حکمت عملی کامیاب رہی، ہم نے لوگوں کو بھوک سے بچایا اور پاکستان نے برصغیر میں کووڈ میں سب سے زیادہ تیزی سے ریکور کیا۔ وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ 2021 ترقی کا سال ہے، پاکستان مثبت سمت میں جا رہا ہے، کاروبار دوست پالیسی بنا کر صنعتوں کو ترقی دیں گے، ہم ہر قسم کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہیں۔ عمران خان نے کہا کہ ہی پیکج کے اگلے حصے میں زراعت بھی شامل ہے، برآمدات میں اضافے کیلئے چین کی مدد حاصل کریں گے، ملکی زرعی پیداوار میں اضافے کی کوشش کریں گے، ہماری کوشش ہے۔

شال بقیہ 3

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ این ایل سی ٹرمینل پر چار بڑے کمپونٹ آنے جانے والے مسافروں اور کنٹینرز پر اسٹنگ میں مزید سہل ہو جائیگا اور تمام حائل مشکلات دور ہو جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں بھی اپنے حدود میں مسافروں اور کنٹینرز کی سہولت کیلئے ترجیح بنیادوں پر اقدامات اٹھانے چاہیے، وزیر اعظم عمران خان کے وژن کے مطابق طورخم بارڈر پر امپورٹ ایکسپورٹ کیلئے طورخم بارڈر پر بہترین اور جدید نظام لا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر پر مسافروں اور کنٹینرز کی آمد و رفت کیلئے پرائمری انسپکشن، جینیٹر ٹرمینل، امپورٹ اور ایکسپورٹ ٹرمینل کے ذریعے جلد اور احسن طریقے سے کلیئرنس ہوگی۔

شال بقیہ 4

جہاں پر شدید بارشیں اور برفباری ہوتی ہیں کو مدنظر رکھتے ہوئے پی ڈی ایم اے کی ٹیموں کو متحرک کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی ٹیموں کے ساتھ ساتھ انہیں جدید آلات و مشینری جن میں ٹریکٹر، ڈوزر و دیگر ضروری آلات فراہم کر دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ پچھلے سال مسافروں کو شدید برف باری میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تھا لیکن اس سال مربوط حکمت عملی کے تحت پی ڈی ایم اے کی ٹیم کی کاوشوں سے پیشگی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ لوگوں کو کسی بھی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے انہوں نے عوام سے استدعا کی کہ وہ تم شدید بارشوں اور برف باری میں نکلنے سے پہلے محکمہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے بنائے گئے الرٹ کو ملحوظ خاطر رکھیں اور اپنا سفر پلین کریں وزیر داخلہ نے کہا کہ کہ پی ڈی ایم اے ہنگامی صورتحال میں ہمیشہ آپ کا معاون اور مددگار رہے گا۔

شال بقیہ 5

اور تحقیقات مکمل کرنے کے بعد 24 ریفرنس دائر کئے، 21 افراد کو گرفتار کیا، چار کروڑ 59 لاکھ وصول کر کے قومی خزانے میں جمع کروائے جبکہ سابق وزرائے اعلیٰ سمیت سینیٹروں اعلیٰ عہدیداروں کی مبینہ کرپشن کے 150 سے زائد کیسز کی تحقیقات پر تیزی سے کام جاری ہے۔ کرپشن کی روک تھام کے لئے بلوچستان حکومت اور نیب کے مابین مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کئے گئے، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال کی جانب سے متعدد ترقیاتی اسکیمات میں بدعنوانی کی تحقیقات نیب کو ریفر کی گئی، صوبائی حکومت اور نیب کا یہ معاہدہ نیب کی کرپشن کے خاتمے کے لیے کوششوں کا برملا اظہار ہے۔ نیب بلوچستان نے سال 2020 میں بھی کرپشن کے بڑے بڑے کیسز تشت از بام کیے، ریکوڈک، پٹ فیڈر منصوبہ سمیت محکمہ صحت، فشریز میں بڑے پیمانے پر کرپشن کا سراغ لگایا گیا۔

شال بقیہ 6

اڈیپز پر عمل درآمد کرتے ہوئے کاروبار کو یقینی بنائیں اور وہ خرید و فروخت کے دوران سماجی فاصلے۔ ماسک اور دیگر احتیاطی تدابیر پر ہر صورت عمل کریں۔ تاکہ معاشی سرگرمیاں جاری اور تاجر برادری اور عوام کو تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

شال بقیہ 7

ہے آپ کا کام نہیں، مولانا فضل الرحمن نیب ٹرائل اور میڈیا ٹرائل جاری ہے اگر واقعی ایسا تو ہم اس ایوان کے توسط سے اعلان کرتے ہیں کہ ہم ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں تو نیب کے سامنے پیش نہیں ہوں گے نیب پہلے پگڑیاں اچھال کر بدنام اور رسوا کرتا ہے اور گرفتاری اور سب کچھ کرنے کے بعد کہا جاتا ہے کہ کچھ نہیں نکلا ہے اور انشاء اللہ مولانا فضل الرحمن کے خلاف کچھ بھی نہیں نکلے گا۔

شال بقیہ 8

گا۔ جمعہ کو ترجمان دفتر خارجہ زاہد حفیظ چوہدری نے ہفتہ وار میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ 2020 میں بڑے چیلنجز کا سامنا رہا، حکومت نے کورونا وباء کی پہلی لہر میں بہترین انداز سے قابو پایا، کورونا وباء کے بیرون ملک پھیلنے پاکستانیوں کو پاکستان لایا گیا، کورونا وباء کے باوجود چین پاکستان اقتصادی راہداری پر کافی پیش رفت ہوئی۔ ترجمان نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان نے ملائیشین ہم منصب کی دعوت پر ملائیشیا کا دورہ کیا، وزیر اعظم نے قطر سمیت افغانستان کا اپنا پہلا دورہ کیا، ترکی کے صدر سمیت دیگر ملکوں کے اعلیٰ حکام نے پاکستان کا دورہ کیا، وزیر اعظم نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 75 ویں اجلاس سے خطاب کیا، وزیر اعظم نے ترقی پزیر ممالک کیلئے قرضوں میں ریلیف، مسئلہ کشمیر سمیت دیگر اہم نکات پر دنیا کی توجہ دلائی، جی 20 ممالک سمیت آئی ایم ایف اور عالمی بینک کی جانب سے قرضوں پر ریلیف دیا گیا، وزیر اعظم موسمیاتی تبدیلی کے معاملہ ہو عالمی سطح پر اجاگر کیا، وزیر خارجہ نے سعودی عرب، ایران اور قطر کا دورہ کیا، جس میں مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کو ختم کرنے کا معاملہ اٹھایا۔

شال بقیہ 9

جمہوریت کے لیے میڈیا کا بہت اہم کردار ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا پاناما پیپرز نیب نے جاری کیئے تھے؟ پاناما پیپرز آنے کے بعد آئس لینڈ کے وزیر اعظم نے استعفیٰ دیا، کیا نیب نے کہا تھا کہ پاناما پیپرز آنے سے پہلے آپ انٹرویو میں کہیں یہ پراپرٹی ہماری ہے؟ سپریم کورٹ میں قطری خط آ جاتا ہے، کیلبر ٹی فونٹ کے ذریعے جعل سازی کرتے ہیں۔

شال بقیہ 10

میں سید محسن اللہ ولد حاجی خدائے رحیم بی بی شاکرہ زوجہ حیدر شاہ بی بی اسماء موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ عابد شاہ اور منظور شاہ شدید زخمی ہو گئے نعشوں کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ روانہ کر دیا گیا جاں بحق ہونے والے ایک ہی خاندان کوئٹہ کے رہائشی ہے۔

شال بقیہ 11

کے موقع پر ہمیں بطور قوم اتحاد، یکجہتی اور پوری لگن کے ساتھ ترقی و خوشحالی کی راہ پر آگے بڑھنا چاہیے سال 2020 نہ صرف ہمارے لیے بلکہ پوری دنیا کے لیے کورونا وائرس اور معاشی کساد بازاری کے سبب اچھا نہیں رہا۔ لیکن ایک پرعزم اور زندہ قوم کی صورت میں ہم اس میں بھی سرخرو ہو کر نکلے۔ نیا سال بلوچستان کے عوام کے لیے مزید خوشیوں کا باعث ہوگا اور ترقی و خوشحالی کا سفر جاری رہے گا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نیا سال پاکستان اور بلوچستان کے لئے بہترین سال ثابت ہوگا۔ آج ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ عزم و استقلال کے ساتھ ہم آئندہ نسلوں کے لیے روشن مستقبل کی تعمیر جاری رکھیں۔

شال بقیہ 12

پورٹ روڈ کے علاقے میں کیس سلنڈر پھٹنے سے سعید احمد نامی شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 13

بدھ کی رات زہری ایریا سے دو خانہ بدوش بہنوں کو نامعلوم افراد نے اغوا کیا تھا خفیہ اطلاع پر ڈپٹی کمشنر عزت نذیر بلوچ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر زاہد لانگو کی نگرانی میں تحصیلدار محمد جان بلوچ لائن آفیسر جان محمد لانگو نے لیویز فورس کے ہمراہ قلات کا علاقہ پندران ایریا سے اغوا ہونے والی دونوں بہنوں کو بازیاب کر لیا گیا قلات مزید لیویز کاروائی کر رہی ہے۔

شال بقیہ 14

کورونا وائرس میں مبتلا ایک مریض جاں بحق ہو گیا۔ محکمہ صحت بلوچستان کے کورونا وائرس سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق جمعہ کو کو صوبے میں 340 افراد کے کورونا ٹیسٹ کئے گئے ان ٹیسٹ کے نتیجے میں صوبے کے 5 اضلاع سے 13 نئے کیسز سامنے آئے جس کے بعد صوبے میں ایک کورونا وائرس سے متاثر ہونے والوں کی مجموعی تعداد 18 ہزار 181 ہو گئی۔ رپورٹ کے مطابق چوبیس گھنٹوں کے دوران کورونا میں مبتلا 20 مریضوں کے صحت یاب ہونے کے بعد صوبے میں صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 17 ہزار 752 ہو گئی۔

شال بقیہ 15

نے دونوں واقعات کا مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی، تفصیلات کے مطابق جمعہ کے روز لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل سے 20 کلومیٹر دور نواحی علاقے لاکھڑا میں کمسی اور میرجت قبیلے کے دو گروپوں میں زمین کے تنازعے پر لڑائی جھگڑے کے دوران کلہاڑیوں، ڈنڈوں کا آزادانہ استعمال کیا گیا جسکے نتیجے میں میرجت قبیلے کا ایک شخص گل حسن موقع پر ہی جاں بحق جبکہ میرجت قبیلے ہی کے تاج محمد ولد علی بخش جبکہ دو خواتین امیراں زوجہ علی بخش، نور باتو زوجہ گل حسن جبکہ کمسی قبیلے کے بھی تین افراد نور خان ولد محمد منصل، برکت ولد درمحمد، درمحمد ولد ڈلخز شدید زخمی ہو گئے زخمیوں میں سے چار کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔

شال بقیہ 16

نے کہا کہ معیشت، روزگار اور کاروباری بحالی، قوم کی خوشیوں کی واپسی کا برس ہے۔ ترجمان نے کہا کہ یقین ہے کہ پہلی سہ ماہی کے بعد نہ کورونا رہے گا نہ دوست آنا پیچیدہ چور انشاءاللہ آنا پیچیدہ چور مافیا کی روانگی کی روشن صبح آنے کو ہے۔

شال بقیہ 17

فوری نوعیت کے مطالبات منظور نہ ہوئے تو سموار 4 جنوری سے لوکین ہڑتال شروع کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار نظامت تعلقات عامہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کیا گیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ کام کی نوعیت ہمارا دیگر دفاتر سے یکسر مختلف ہے کام کی نوعیت کو دیکھا جائے تو اس دفتر کا کام سیکرٹریٹ سے بھی کئی گنا زیادہ ہے۔

شال بقیہ 18

اینٹ کرونا وائرس سے زیادہ ہے۔ شفقت محمود نے کہا کہ وزارت صحت کے ڈیٹا اور ہدایات کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کرنا ہوتا ہے، پوری کوشش ہے کہ تعلیمی ادارے گیارہ جنوری سے کھول دیے جائیں۔ شفقت محمود نے کہا کہ نجی تعلیمی اداروں کے لئے مالی امداد اور بلاسود قرضوں کی فراہمی کا پیکج تشکیل دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قرضے وزارت خزانہ کی منظوری کے بعد فراہم کیا جائے گا، پوری کوشش ہوگی جتنا جلدی ممکن ہو تعلیمی ادارے کھول دیے جائیں، اس ضمن میں انشاءاللہ اچھی خبر دیں گے۔ شفقت محمود نے کہا کہ سیاست اپنی جگہ پر مگر تعلیمی فیصلے ہم متفقہ طور پر کر رہے ہیں، آئے روز بجلی گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں تبدیلی، حکومت سال دو ہزار بیس کے دوران مہنگائی کنٹرول نہ کر سکی۔

شال بقیہ 19

اقدامات اٹھائیں گے۔ یہ بات انہوں نے جنرل کیڈرز ڈاکٹر کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وفد میں ڈاکٹر قادر عمرانی، ڈاکٹر عبدالرشید ناصر، ڈاکٹر عرفان رئیسانی، ڈاکٹر بدر انصاری، ڈاکٹر شوکت بلوچ، ڈاکٹر کبور بلوچ اور ڈاکٹر احمد ولی شامل تھے۔ ملاقات کے دوران جنرل کیڈرز ڈاکٹرز کو درپیش مسائل کیڈرز میں ممکنہ جاب ڈیکرپشن، قوائد و ضوابط کے ردوبدل سے متعلق تفصیلی بات چیت کی گئی وفد نے کیڈرز کے حوالے سے سپریم کورٹ آف پاکستان کے جون 2017 کے احکامات سے متعلق سیکرٹریز کو آگاہ کیا اور قانونی دستاویزات کی نقول حوالے کیں۔

شال بقیہ 20

سے زائد ہوگئی۔ جنرل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 41 ہزار 039 کورونا ٹیسٹ کئے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 ٹیسٹس کی تعداد 67 لاکھ 37 ہزار 107 ہوگئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں مزید 2 ہزار 463 مثبت کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، اس طرح پاکستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 82 ہزار 178 ہوگئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اب تک سندھ میں 2 لاکھ 15 ہزار 679، پنجاب میں ایک لاکھ 38 ہزار 608، خیبر پختونخوا میں 58 ہزار 701، اسلام آباد میں 37 ہزار 888، بلوچستان میں 18 ہزار 168، آزاد کشمیر میں 8 ہزار 277 اور گلگت بلتستان میں 4 ہزار 857 افراد میں کورونا کی تشخیص ہوئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اس وقت ملک بھر میں کورونا کے فعال مریضوں کی تعداد 34 ہزار 773 ہوگئی ہے، 2 ہزار 216 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

شال بقیہ 21

رضوان کے مطابق سال 2020 میں نیب ملتان آفس کو کل 2874 شکایات موصول ہوئیں ان میں سے 105 شکایات کو باقاعدہ انکوائری میں تبدیل کیا گیا جبکہ باقی شکایات کو انکے متعلقہ محکموں اور نیب کے دیگر دفاتر منتقل کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ 105 انکوائریوں میں سے 44 کو انوسٹی گیشن کے مرحلہ میں ہیں جبکہ 21 کے ریفرنس دائر کئے گئے۔ ترجمان کے مطابق سال 2020 میں 500 ملین کی رقم ریکوور کر کے قومی خزانہ میں جمع کرائی گئی اس میں سے 61 ملین پلی بارگین کے تحت جبکہ باقی رقم بلاواسطہ طور پر جمع ہوئی۔

شال بقیہ 22

کہا ہے کہ اس سال پاکستان کی ترقی میں مزید اپنا حصہ ڈالیں۔ پرویز مشرف کی جانب سے ٹوئٹر پر شیئر کیے گئے پیغام میں کہا گیا کہ جیسا کہ ہم نے ایک نئے سال میں قدم رکھ لیا ہے تو اس موقع پر میں آپ سب کیلئے سال نو پر نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔ انہوں نے لکھا کہ آیئے امید کرتے ہیں کہ ہم پاکستان کی بہتری میں مزید کردار ادا کریں گے۔

شال بقیہ 23

کو سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موسٹ کرپٹ لیڈرز میں ہمارے سیاست دانوں کے نام آتے ہیں، استعفوں کے اشارا لگانے والے شیر گیدڑ کی طرح بھاگ گئے، یہ نفت کے مارے اپنا منہ چھپا رہے ہیں، عوام کیساتھ ساتھ انکی اپنی جماعتوں نے انہیں مسترد کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ چاہتے ہیں کہ فوج پنجاب پولیس بن جائے، ہمیں اپنی فیور افواج پر فخر ہے۔

شال بقیہ 24

کا مقصد کارکردگی کے معاہدوں پر عملدرآمد کیلئے اس کمیٹی کو ڈیجیٹائز کرنا تھا۔ این، آئی، ٹی، بی نے کارکردگی کے معاہدوں اور وزارتوں کے سہ ماہی اور سالانہ اہداف پر مبنی ایک ڈیجیٹل پورٹل پیش کیا۔ این، آئی، ٹی، بی کی ٹیم نے ڈیجیٹل پورٹل کے مختلف فیچرز پر تفصیلی بریفنگ دی، وزارتیں اپنے اہداف کی تکمیل سے متعلق سٹیٹس اس ڈیجیٹل پورٹل پر اپ لوڈ کریں گی۔

شال بقیہ 25

وزارت ثقافت اور سیاحت کے اشتراک سے ترنول اسلام آباد میں 100 بستروں پر مشتمل پناہ گاہ کا افتتاح کیا۔ پناہ گاہ میں ناشتہ اور رات کا کھانا بھی فراہم کیا جائے گا۔ پناہ گاہ میں خواتین کیلئے خصوصی طور پر علیحدہ 10 بستروں کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔ ترنول پناہ گاہ کے قیام کے بعد اسلام آباد میں پناہ گاہوں کی تعداد مجموعی طور پر 5 ہو گئی ہے۔ وزیر اعظم نے پناہ گاہ میں موجود E Z Shifa کی طرف سے ٹیلی ہیلتھ کائیوسک کا بھی دورہ کیا جس کے بارے وزیر اعظم کو بتایا گیا کہ یہاں موجود ڈاکٹرز مریضوں کے مفت طبی معائنے کیلئے دنیا بھر میں موجود 500 سے زائد ڈاکٹرز کی نگرانی میں طبی مشورے فراہم کر سکیں گے۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے پناہ گاہ کی رہائش کا دورہ بھی کیا اور مستحقین کے ساتھ کھانا بھی کھایا۔

شال بقیہ 26

بے بجلی نا ہونے کی وجہ سے گھریلو صارفین اور کاروباری زندگی ٹھپ ہو کر رہ گئی دوکانداروں نے کہا کہ ایک مہینے سے زیادہ عرصہ ہوا ہے کہ ہمارے بجلی نہیں ہے جس کی وجہ سے ہم احتجاج پر مجبور ہو گئے ہیں آگر واپڈا کا یہی رویہ جاری رہا تو اہلیان ژوب سخت ترین احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں جس کی تمام تر ذمہ داری کیسکو بلوچستان پر عائد ہوگی انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال چیف جسٹس بلوچستان جمال مندوخیل صوبائی وزیر حاجی مضایاں کا کز کیسکو بلوچستان سے اپیل کی کہ ژوب میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا نوٹس لیں۔

شال بقیہ 27

شہزادا کبر، معاون خصوصی برائے محصولات ڈاکٹر وقار مسعود خان، کامرس، پیٹرولیم، بحری امور اور داخلہ ڈویژن کے سیکریٹری صاحبان، چیرمین ایف بی آر اور اعلیٰ سول و عسکری حکام شریک ہوئے۔ ویڈیو لنک سے صوبائی چیف سیکریٹریز، ایف سی خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے آر جی صاحبان بھی شریک ہوئے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کے اسمگلڈ تیل کی فروخت کی وجہ سے معیشت کو 100 سے 150 ارب روپے سالانہ نقصان پہنچ رہا ہے۔

شال بقیہ 28

جوہری تنصیبات اور سہولیات کی فہرست دے دی۔ ترجمان کے مطابق دونوں ممالک ہر سال یکم جنوری کو ایک دوسرے کو اپنی جوہری تنصیبات اور سہولیات سے آگاہ کرتے ہیں۔

شال بقیہ 29

کمی کی، پوری دنیا سلیم کر رہی ہے کہ فیٹف میں ہم نے تیزی سے اقدامات کیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں معیاری گاڑیاں بننے کا عمل شروع ہو رہا ہے۔

شال بقیہ 30

ہیں۔ جاں بحق کانوں میں سے 43 افراد وہی جبکہ دس افراد چمالنگ کے مختلف علاقوں میں کوئلہ کانوں میں جاں بحق ہو گئے ہیں۔

شال بقیہ 31

کی فضا قائم کریں امن دشمن قوتوں کو کسی طرح بھی کوئی موقع نہ دیا جائے حافظ طاہر محمود اشرفی نے پشاور میں ہونے والے واقع کی شدید الفاظ میں مذمت کی انھوں نے کہا کہ پشاور واقع کے ملزمان کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انھوں نے کہا کہ اقلیتوں کو وہ تمام آئینی مذہبی حقوق حاصل ہیں جو ہمارا دین اور قانون دیتا ہے۔

شال بقیہ 32

مقام پر نوڈی کار اور مزدا گاڑی آپس میں ٹکرائی جس کے نتیجے میں تین افراد بلال شاہ ولد سید احمد ہمہ اللہ ولد جمعہ خان عبدالہادی ولد عبدالنافع سکنہ مشرقی بائی پاس کوئٹہ زخمی ہو گئے زخمیوں کو مچھ میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا اس سلسلے میں مزید کارروائی لیویز کر رہی ہے۔

شال بقیہ 33

کیا ہے انہیں کہیں نہیں پہنچاؤنگا حلقہ انتخاب کے عوام سے بلند و بانگ دعویٰ نہیں بلکہ عملی کام پر یقین رکھتا ہوں ہمارے ترقیاتی کام صرف فائلوں تک محدود نہیں بلکہ زمین پر نظر آ رہے ہیں جس کے مخالفین بھی اعتراف کر رہے ہیں 29 دسمبر کو چیئرمین سے اسلام آباد میں ملاقات کے دوران انہوں جلد ٹینڈر اور منصوبے پر کام کا آغاز کرنے کی یقین دہانی کی جس پر عمل درآمد کا آغاز ہو گیا 20 جنوری شاہراہوں کی تعمیر کا ٹینڈر طلب کر لیا ہے جس پر وفاقی حکومت کا شکر گزار ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل ہائی وے (این ایچ اے) کی جانب سے ہرنائی کوئٹہ، ہرنائی سنجاوی قومی شاہراہوں کی تعمیر کا ٹینڈر جاری ہونے کے حوالے سے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حلقہ انتخاب کا علاقہ ضلع ہرنائی قدرتی و زرعی وسائل سے مالا مال ضلع ہے لیکن ماضی میں ضلع ہرنائی پر حکمرانی کرنے والوں نے ضلع ہرنائی کے عوام کے اہم اجتماعی مسائل کے حل پر کوئی توجہ نہ دینے کی وجہ سے ضلع ہرنائی کے قومی شاہراہیں۔

شال بقیہ 34

چیف ایگزیکٹو سینیٹر عبدالصبیب خان کے ہمراہ پریزیڈینٹ کیڈیٹیس ڈاکٹر اختر عزیز خان، جوائنٹ سیکریٹری ڈاکٹر فرحان عیسیٰ اور ممبر ایگزیکٹو کمیٹی عامر رسول پراچہ بھی معزز مہمان کے استقبال کیلئے موجود تھے۔ محترمہ ثمینہ علوی نے سینٹر کے مختلف ڈیپارٹمنٹ ٹریک اور تھراپی سیشن کا دورہ کیا۔ انہوں نے طلباء کی بحالی کے بارے میں استفسار کیا اور طلباء کے ہاتھ تیار کردہ اشیاء کو بھی سراہا۔

شال بقیہ 35

اپنا استعفیٰ دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی نے کہا کہ ظلم و کفر میں ریاستیں نہیں چل سکتی تاریخ گواہ ہے کہ ظلم سے ریاستیں بھی ٹوٹ گئی ہے بارہا کہہ چکے ہیں کہ احتساب ہو کرپشن کی روک تھام ہو لیکن موجودہ سیاسی انتقامی کارروائی کی مثال آمرانہ دور میں بھی نہیں مل رہی آج یہاں تو صرف ان لوگوں کا احتساب ہو رہا ہے جو اپوزیشن میں بیٹھے ہیں، احتساب کے نام پر نیب سے ٹس ایپ اور ٹیلیفون کے ذریعے فیصلے کرائے جاتے ہیں کہ آپ نے کس کس کی پگڑی اچھالنا ہے۔

شال بقیہ 36

کا قیام، اسلام آباد اور کراچی میں رابطہ دفاتر کا قیام، حب اور پوسنا میں خصوصی اقتصادی زونز کی منظوری، بلوچستان سرمایہ کاری گائیڈ کا اجراء قابل ذکر ہیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری گائیڈ کو بین الاقوامی سطح پر پذیرائی ملی اور 30 ممالک کے سفارتی مشنز کو ارسال کیا گیا اسکا ترکی اور چینی زبانوں میں ترجمہ بھی کیا گیا، وزارت خارجہ کی جانب سیاس پر تعریفی مراسلہ بھی لکھا گیا، اسکے علاوہ فروری میں کراچی میں بلوچستان کونسل ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور محکمہ سیاحت کے اشتراک سے کانفرنس منعقد کی گئی، ترکی، کویت، یورپی یونین، چین، جرمنی، سعودی عرب سمیت دوست ممالک کے سفارتکاروں اور بزنس کمیونٹی کے افراد سے ملاقاتیں کر کے انہیں بلوچستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی گئی جس کے بہت مثبت اثرات مرتب ہوئے، اسکے علاوہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی جانب سے مختلف ممالک کے سرمایہ کاروں کیلئے ویب ٹارز کا اہتمام کیا گیا جو انتہائی کامیاب رہے، ان ممالک میں سعودی عرب، ترکی، امریکہ، آسٹریلیا، جنوبی افریقہ اور دیگر شامل ہیں۔

شال بقیہ 37

میں آمدورفت کے لئے کوئی سڑک نہیں بنائی گئی ہے۔ اس علاقے کی حالت نہ گفتہ بہ ہے، گزشتہ روز علاقے کا دورہ کرنے والے بلوچستان کے سینئر ڈاکٹر خلیل احمد بھلول نے جب یہاں ذرائع ابلاغ کے سامنے رئیداد سنائے تو وہ بے تحاشا رو پڑے، ان کا کہنا تھا کہ علاقے میں صورتحال دردناک اور المناک ہے، وہاں کسی کی رسائی نہیں چونکہ علاقے تک ویگن سڑک کی سہولت میسر نہیں، کوئی مریض اگر خود تندرست ہو جائے تو ٹھیک ورنہ انہیں علاج کی بجائے موت کا انتظار کرنا پڑتا ہے، صحت و تعلیم و دیگر زندگی کی ضروریات اپنی جگہ، چھوٹے تون میں لوگوں کی قوت مدافعت جواب دے گئی ہے اور میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ کر آیا ہوں کہ وہاں بڑی تعداد میں لوگ غذائی قلت کے باعث جاں بحق ہو گئے ہیں، ایک ہی گھر کے پانچ افراد جو غذائی قلت اور مختلف امراض کے باعث جاں بحق ہو گئے ہیں۔ صورتحال یہ بن چکی ہے کہ وہاں کے لوگوں نے دنیا کی نئی میسر سہولیات نہیں دیکھی اور نہ ہی مستفید ہوئے بلکہ انہوں نے پاکستان کی کرنسی تک نہیں دیکھی، وہ جانوروں سے بدتر زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ ڈاکٹر خلیل احمد کا کہنا تھا کہ میں حکمرانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ اگر وہ درد دل رکھتے ہیں تو یہاں کے عوام کی زندگی پر رحم کھائیں۔ عام سڑک سے سولہ کلومیٹر دور ہیں ماشکی اور حال کی شدید بارشوں کی وجہ سے وہاں آمدورفت کی سہولت کا نام و نشان تک موجود نہیں ہے۔ قحط سالی سے شیر خوار بچے حاملہ عورتیں اور عمر رسیدہ افراد سب سے زیادہ متاثر ہیں، چھوٹے تون دامن کوہ میں واقعہ سولہ دیہاتوں میں قریباً چار ہزار سے بھی زیادہ نفوس ہیں، پی ڈی ایم اے جو کہ بلوچستان میں بحالی اور عوام کی مشکل وقت میں امداد کے لئے سرگرم ہے لیکن ان کی نظروں سے یہ علاقہ اوجھل اور یہاں کے لوگ بے بسی کی زندہ تصویر بنے ہوئے ہیں، یہاں ڈوزر مشینری کی بے حد ضرورت ہے تاکہ کچی سڑک شہر تک نکالی جا سکے، اور وہاں فوری طور پر عوام کی بحالی کے لئے امدادی سرگرمیاں شروع کر دیں، ڈاکٹر خلیل احمد بھلول کا کہنا تھا کہ اگر فوری طور پر امدادی سرگرمیاں شروع نہیں کی گئیں تو وہاں لوگ شدید سردی اور بھوک و افلاس غذائی قلت کی وجہ سے بڑے پیمانے پر اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔

شال بقیہ 38

جدوجہد جاری رہے گی عوام کی طاقت سے مضبوط پارلیمنٹ ہی آئین کی حکمرانی کا ضامن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ غیر آئینی حکومت کے سارے کام اور فیصلے غیر آئینی ہوتے ہیں افغان جنگ میں جو لوگ حصہ تھے، ان کے آمدن سے زائد اثاثوں کا ریکارڈ لے کر آئیں، ان کے اثا

بلوچستان حکومت شیخ رشید کی کھوکھلی ایک نوٹیفکیشن پر 22 لاکھ لوگوں سے ان کا روزگار چھین لیا گیا، کبیر احمد محمد شہی

اربوں روپے کی کرپشن کی شہ سرخیاں اخبارات کی زینت ہے لیکن نیب کو صرف اپوزیشن جماعتوں جو آئین کی بالادستی، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی، قانون کی بات کرتے ہیں نظر آتے ہیں

چاغی راسکوہ میں اینٹی دھماکہ کہ پاکستان ناقابل تسخیر بن گیا لیکن اس کے نتیجے میں نقصانات کے ازالہ آج تک نہیں کیا گیا، پورا بلوچستان کینسر کے مرض میں مبتلا لیکن کینسر کا ایک ہسپتال تک نہیں

ڈیرہ اللہ یار، ایس ڈی او پڈ احمد اسلم سوہو ایک دکاندار کا بجلی بل چیک کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت شیخ رشید کی کھوکھلی، ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے 22 لاکھ لوگوں سے ان کا روزگار چھین لیا گیا، اربوں روپے کی کرپشن کی شہ سرخیاں اخبارات کی زینت ہے لیکن نیب کو صرف اپوزیشن جماعتوں جو آئین کی بالادستی، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی، قانون کی بات کرتے ہیں نظر آتے ہیں، چاغی راسکوہ میں اینٹی دھماکہ کہ پاکستان ناقابل تسخیر بن گیا لیکن اس کے نتیجے میں نقصانات کے ازالہ آج تک نہیں کیا گیا، پورا بلوچستان کینسر کے مرض میں مبتلا لیکن کینسر کا ایک ہسپتال تک نہیں بلوچستان کے لوگوں میں نفرت بڑھ رہی ہے ہوش کا ناخن لیکر ریاست پر رحم کیا جائے، چیئرمین نیب شریف آدمی ایک ویڈیو سے اتنا بلیک میل کیا گیا ہے کہ وہ ہر حکم مانے کیلئے مجبور ہیں میرا مشورہ ہے کہ وہ بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

تیل کے کاروبار سے ہزاروں نوجوان و خاندان وابستہ ہیں، میر احسان الٰہی

بے روزگاری کے سبب ہمارا نوجوان طبقہ مختلف سماجی برائیوں کی جانب راغب ہوگا، رہنماء

اہلیان بلوچستان کی امیدیں افواج پاکستان، کمانڈر سدرن کمانڈ سے ہیں کہ وہ اس مسئلہ کو حل کرائینگے، بیان

نائب صدر بلوچستان نیشنل پارٹی میر احسان الٰہی نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان ایک پسماندہ علاقہ رہا ہے مگر ری پبلک سمیت دیگر اہم پروجیکٹس کے ذریعے بلوچستان کے پسماندگی میں کمی آرہی ہے اور اس میں افواج پاکستان کی معاونت قابل ستائش ہے، بلوچستان میں بدامنی یا دیگر مسائل کی سب سے بڑی وجہ نوجوان طبقہ کی بے روزگاری رہی ہے اور حالیہ جو وفاقی و صوبائی حکومت کی جانب سے تیل کے کاروبار کے بندش کے حوالے سے احکامات آئے ہیں یقینی بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

سیاسی و سماجی رہنما ملک ابرار کو دفاع امن کونسل پاکستان کا مرکزی سینئر نائب صدر نامزد کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) سیاسی و سماجی رہنما ملک ابرار کو دفاع امن کونسل پاکستان کا مرکزی سینئر نائب صدر نامزد کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سیاسی و سماجی رہنما ملک ابرار کو دفاع امن کونسل پاکستان کا مرکزی سینئر نائب صدر نامزد کر دیا گیا بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

2020 میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ نے کئی اہم اہداف حاصل کئے، فرمان زرکون

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو بلوچستان سرمایہ کاری گائیڈ کو بین الاقوامی سطح پر پذیرائی ملی اور 30 ممالک کے سفارتی مشنز کو ارسال کیا گیا

وزارت خارجہ کی جانب سیاں پر تعریفی مراسلہ بھی لکھا گیا اسکے علاوہ فروری میں کراچی میں بلوچستان کونسل ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور محکمہ سیاحت کے اشتراک سے کانفرنس منعقد کی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا ہے کہ 2021 بلوچستان میں سرمایہ کاری کا سال ہوگا، 2020 میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ نے کئی اہم اہداف حاصل کئے ہیں، ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ نے ایک سال میں ترقی کی کئی منازل طے کی ہیں، جن میں صوبے کی پہلی سرمایہ کاری پالیسی کی تشکیل، کاروبار کو آسان بنانے کیلئے سیل (Ease of Diong Business Cell) بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

نصیر آباد، ایڈیشنل سیکریٹری آئی ٹی شبیر بادینی انسٹیٹیوٹ کا جائزہ لے رہے ہیں

اوتھل شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام میں کافی بہتری آئی ہے، عبدالعزیز برہ

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل کی سیاسی و سماجی شخصیت عبدالعزیز برہ نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ میونسپل کمیٹی اوتھل کے چیف آفیسر حاجی محمد خان دودا کی تعیناتی کے بعد اوتھل شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام میں کافی بہتری آئی ہے وہ محلے کی نگرانی خود کرتے رہتے ہیں اور شہر میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی کرواتے ہیں کم عملہ ہونے کے باوجود بھی اوتھل شہر کو صاف ستھرا رکھنے کی بھرپور بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ہمیں پی ڈی ایم کی مرکزی قیادت کے فیصلوں کا انتظار ہے، مولانا غلام نبی

ملکی و بین الاقوامی حالات کے تناظر میں جو بھی فیصلے کریں گے ہمیں من و عن قبول ہے

نوشکی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے ضلعی مجلس شوریٰ کا اجلاس زیر صدارت ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا غلام نبی منعقد ہوا اجلاس میں حاجی منظور احمد مینگل، مولانا غلام حیدر، مولانا احمد شاہ کلاچی، مولانا گل محمد، مولانا مفتی کفایت اللہ، مولانا ملک محمد، حافظ عبداللہ گورگیج، مولانا گل محمد مولانا عبدالصمد حاجی لعل محمد، محمد زکریا عاملو اور شوریٰ کے دیگر اراکین نے شرکت کی اجلاس میں پی ڈی ایم کے مرکزی قیادت کے مکمل فیصلوں اور مقامی جماعت کی بہتر کارکردگی پر غور اور مشاورت ہوا۔ شوریٰ کے اراکین نے اپنی اپنی تجاویز پیش کیں جبکہ ضلعی امیر مولانا غلام نبی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں پی ڈی ایم بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

سی پیک سے پاکستانیوں کیلئے 75 ہزار نوکریاں پیدا کرنا خوش آئند اقدام ہے، شاہین احسان مغل

چینی سفارتخانے کی جانب سے 75 ہزار نوکریاں پیدا کرنے سے ملک میں بے روزگاری ختم کرنے میں مدد ملے گی

سرگودھا (این این آئی) سی پیک سے پاکستانیوں کیلئے 75 ہزار نوکریاں پیدا کرنا خوش آئند اقدام ہے اس نوجوانوں کو روزگار کے بہتر مواقع ملیں گے ملک میں بے شمار دیہی پسماندگی کے واقعات میں کی واقع ہوگی کیونکہ اکثر نوجوان روزگار نہ ملنے کے باعث غلط راستے اختیار کر لیتے ہیں ان خیالات کا اظہار مرکزی وائس چیئرمین آل پاکستان سمال ٹریڈرز بزنس فورم پاکستان شاہین احسان مغل نے کیا انہوں نے کہا کہ چینی سفارتخانے کی جانب سے 75 ہزار نوکریاں پیدا کرنے سے ملک میں بے روزگاری ختم کرنے میں مدد ملے گی جب تک بے روزگار لوگوں کیلئے کاروباری مواقع پیدا نہیں کئے جاتے اس وقت بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

ہرنائی شہداء ایف سی شاہرگ کے حوالے سے منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے بی اے پی اربن کے جنرل سیکرٹری شیر باز خان ترین، سید نور محمد شاہ، ملک عثمان، سید ذاکر شاہ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

سرینگر، نامعلوم مسلح افراد نے جیولر کو گولیاں مار کر ہلاک کر دیا

گرینیڈ حملے میں سی آر پی ایف کا اسسٹنٹ سب انسپکٹر شدید زخمی

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں نامعلوم مسلح افراد نے سرینگر میں ایک جیولر کو گولیاں مار کر ہلاک کر دیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے سرینگر کے علاقے سرائے بالا میں ستیہ پال گھل نامی جیولر کو اسکے دکان میں گھس کر گولیاں بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں و تبادلے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں و تبادلے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق سیکرٹری فنانس نور الحق بلوچ کو سیکرٹری محکمہ صحت بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

مہنگائی اور بے روزگاری کے باعث لوگوں کا جینا محال ہو گیا ہے، مولانا آغا محمود شاہ

جلسوں اور لانگ مارچوں کی تاریخی عوامی شرکت سے سونامی ٹولہ بوکھلاہٹ کا شکار ہو گیا ہے

مولانا فضل الرحمن کے مدبرانہ فیصلوں نے حکمرانوں کی نیندیں اڑا دی ہیں، رہنماء جے یو آئی بلوچستان

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی قوات مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ قائد جمعیت ولی ڈی ایم سربراہ مولانا فضل الرحمن کی مدبرانہ فیصلوں نے حکمرانوں کی نیندیں اڑا دی ہیں جلسوں اور لانگ مارچوں کی تاریخی عوامی شرکت سے سونامی ٹولہ بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے لاکھوں گھروں اور ملازمتوں کے سرسبز باغ دکھانے والے عوام سے منہ کا نوالہ بھی چھین لیا ہے مہنگائی اور بے بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

کوئٹہ تحریک جوانان پاکستان کے زیر اہتمام سینئر نائب صدر سید شاہ اللہ آغا میر غفار بادینی کی قیادت میں پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

پاک ایران بارڈر پر کاروباری بندش غریب محنت کش طبقہ کے ساتھ سراسر ظلم و زیادتی ہے، سعید احمد تگرانی

بلوچستان کے کاروباری حضرات کا واحد ذریعہ معاش پاک ایران بارڈر سے منسلک ہے

کوئٹہ (آن لائن) بی این پی عوامی کرپاسی تگران کے یونٹ سیکریٹری سعید احمد تگرانی یونین کونسل بالیچہ رودبین سے منصور شاہ، شبیر شاہ نے کہا کہ پاک ایران بارڈر پر کاروباری بندش غریب محنت کش طبقہ کے ساتھ سراسر ظلم و زیادتی ہے تگران کے عوام کا واحد ذریعہ و وسیلہ بارڈر کاروبار سے منسلک ہے جس کی وجہ سے عام لوگ دن رات گرمی و سردی کے مشکل دنوں میں جفاکش محنت کے ساتھ دو وقت کی روٹی کیلئے اور اپنے کچے گھر و بال بچوں کی مستقبل اور چڑھائی کیلئے اپنے آج کو کل کیلئے قربان کر رہے ہیں وفاقی گورنمنٹ سوچے و سمجھے بغیر ایک آڈر پر نوٹیفکیشن جاری کر کے عوام کے درد امید پر پانی پھیرتا ہے صوبائی بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

بہت جلد رخشان ڈویژن کا دورہ کریں گے اور ترقیاتی کاموں کا خود بھی معائنہ کریں گے، عبداللطیف کاکڑ

پاؤسنگ پالیسی کے خدوخال کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور اس ضمن میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جا رہا ہے

کوئٹہ (ٹی این) سیکرٹری اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ عبداللطیف کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے کے تمام علاقوں کے شہریوں کو یکساں ترقی کے مواقع کی فراہمی کے لیے محکمہ شہری منصوبہ بندی و ترقیات کے منصوبوں پر کام جاری ہے، پاؤسنگ پالیسی کے خدوخال کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور اس ضمن میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جا رہا ہے یہ بات انھوں نے بلوچستان نیشنل پارٹی واحدین کے صدر و ایم این اے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کا بیانیہ ملک دشمن قوتوں کا بیانیہ ہے، پی ڈی ایم کو عوام نے مسترد کر دیا ہے، بابر یوسفزئی

پی ڈی ایم پہلے اپنی ہٹ دھرمی پر قائم رہتے ہوئے ملک میں کورونا پھیلانا چاہتی تھی عوام کو پی ڈی ایم کی حقیقت اچھی طرح پتہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے رہنما بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کا بیانیہ ملک دشمن قوتوں کا بیانیہ ہے پی ڈی ایم کو عوام نے مسترد کر دیا ہے پی ڈی ایم پہلے اپنی ہٹ دھرمی پر قائم رہتے ہوئے ملک میں کورونا پھیلانا چاہتی تھی عوام کو پی ڈی ایم کی حقیقت اچھی طرح پتہ ہے ماضی میں ایک دوسرے کے بدترین مخالفین اپنی کرپشن بچانے کے لئے ایک ہو گئے ہیں پی ڈی ایم صرف کرپشن کیسز سے نجات اور این آر او چاہتی ہے بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ہزار گنجی میں گیس لیکج کے باعث دھماکہ ایک شخص زخمی

کوئٹہ (این این آئی) ہزار گنجی میں گیس لیکج کے باعث دھماکہ ایک شخص زخمی۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے ہزار گنجی ٹرک اڈا ہوٹل میں گیس لیکج کے باعث دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہو گیا ہے گیس نے زخمی کو فوری طور طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

لوگوں کو معیاری اشیائے خورد و نوش کی دستیابی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، میر ممتاز علی کھیتران

مصنوعی مہنگائی اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت ایکشن کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میر ممتاز علی کھیتران کے خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر عبدالستار مینگل نے لیویز نفری کے ہمراہ شہر کا اچانک دورہ کیا اور اشیائے خورد و نوش کی تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ عبدالستار مینگل نے کوئٹہ بازار کا دورہ کیا اور اشیائے خورد و نوش کی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

غریب مسکین لوگوں کی مدد سے دلی تسکین حاصل ہوتی ہے، بانی فی سبیل اللہ ٹرسٹ

اللہ تعالیٰ ہمیشہ ان لوگوں کی مدد کرتا ہے جو اللہ کے بندوں کی مشکلات پریشانی تکالیف کا ازالہ کرتے ہیں

سبی (آن لائن) فی سبیل اللہ ٹرسٹ کی بانی سعدیہ قاضی نے کہا ہے کہ غریب مسکین لوگوں کی مدد سے دلی تسکین حاصل ہوتی ہے اللہ تعالیٰ ہمیشہ ان لوگوں کی مدد کرتا ہے جو اللہ کے بندوں کی مشکلات پریشانی تکالیف کا ازالہ کرتے ہیں ہمارا مقصد انسانیت کی خدمت ہے جس کیلئے اپنی بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

راولپنڈی، واسا کی نااہلی کے باعث شہری دور دراز سے پینے کا پانی بھرنے پر مجبور ہیں

موجودہ حکومت نے کمیشن اور کرپشن کا بازار گرم کر رکھا ہے، پرنس موسیٰ جان

میرٹ کو نظر انداز کر کے سیاسی سفارشی بنیادوں پر ملازمتوں پر تقرریاں کی جا رہی ہے

مستونگ (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر سابق صوبائی وزیر پرنس موسیٰ جان آحمدزئی بلوچ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے کمیشن اور کرپشن کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ میرٹ کو نظر انداز کر کے سیاسی سفارشی بنیادوں پر ملازمتوں پر تقرریاں کی جا رہی ہے بلوچستان میں کرپشن پر نیب والوں کی آنکھیں بند پڑی ہوئی ہے کیا چیئرمین نیب کو بلوچستان میں کرپشن نظر نہیں آرہی ہے اور نیب حکومت کی ایما پر حکومت مخالف سیاسی پارٹیوں اور پی ڈی ایم قائدین کے خلاف جھوٹے مقدمات بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت کی جانب سے تیل و ڈیزل کی بندش صوبے کے عوام سے ناانصافی ہے، میر لیاقت ساسولی

تیل کی بندش سے نہ صرف لاکھوں لوگ بے روزگار ہو گئے بلکہ اس کے برے اثرات مرتب ہو گئے

خضدار (نامہ نگار) صوبائی حکومت کی جانب سے تیل و ڈیزل کی بندش صوبے کے عوام سے ناانصافی ہے ان خیالات کا اظہار جھالاوان خضدار کے قبائلی شخصیت میر لیاقت ساسولی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا انہوں نے حکومت کی طرف سے ایرانی پٹرول و ڈیزل کی بندش کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ تیل کی بندش سے نہ صرف لاکھوں لوگ بے روزگار ہو گئے بلکہ اس کے بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

حوثی ملیشیا نے تعزیز میں نہتے شہریوں کے 14 مکانات دھماکے سے اڑا دیئے

درجنوں افراد چھت سے محروم، خواتین کی شہریوں کے خلاف جاری انتقامی کارروائی واضح ہو گئی، انسانی حقوق مرکز

صنعاء (این این آئی) یمن کے ایرانی حمایت یافتہ حوثی باغیوں نے شہریوں کو اجتماعی سزا دینے کے جرائم کو آگے بڑھاتے ہوئے گذشتہ ایک ہفتے کے دوران تعز گورنری میں کم سے کم 14 مکانات بارود اور دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق تعز میں انسانی حقوق مرکز کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا کہ جنوب مغربی یمن میں حوثی ملیشیا نے ایک ہفتے کے بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

حکومت چیلنجز سے نبرد آزما ہے، اپوزیشن سے کسی سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں، جمشید اقبال چیمہ

وزیر اعظم عمران خان مشکل ترین حالات میں وژن رکھنے والے لیڈر کے طور پر سامنے آئے ہیں

لاہور (این این آئی) انصاف ویلفیئر ونگ کے مرکزی سیکرٹری جنرل جمشید اقبال چیمہ نے کہا ہے کہ حکومت کورونا وائرس سے معیشت کو پہنچنے والے نقصانات کے اثرات کو زائل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے، وزیر اعظم عمران خان مشکل ترین حالات میں وژن رکھنے والے لیڈر کے طور پر سامنے آئے ہیں اور سیاسی مخالفین کی ساری خواہشیں ان کے سینے میں ہی دم توڑ گئی ہیں۔

سندھ میں محکمہ بلدیات اور ٹاؤن پلاننگ میں غیر قانونی بھرتیوں کا انکشاف

2010 سے 2020 تک بھرتی ہونے والے ملازمین کا ریکارڈ چیک کرے گی

روہڑی (نامہ نگار) سندھ میں محکمہ بلدیات اور ٹاؤن پلاننگ میں غیر قانونی بھرتیوں کا انکشاف، سندھ حکومت کی اسکروٹنی کمیٹی نے تحقیقات شروع کر دی، 2010 سے 2020 تک بھرتی ہونے والے ملازمین کا ریکارڈ چیک کرے گی، سکھر میں کمیٹی کے ممبران تین دن سے موجود مگر بلدیاتی افسران غائب، ریکارڈ بھی پیش نہ ہو سکا، تفصیلات کے مطابق سندھ بھر میں محکمہ بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

ٹرمپ سابق عراقی صدر صدام حسین کے مشابہ، سلیمانی کا انتقام لیں گے، ایران

ٹرمپ کو ان کے جبر و استبداد اور جرائم کی بدولت تاریخ میں ایک بے توقیر شخصیت کے طور پر یاد رکھا جائے گا، صدر روحانی

تہران (این این آئی) ایرانی صدر حسن روحانی نے امریکا کے سبکدوش ہونے والے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو عراق کے سابق مطلق العنان صدر صدام حسین کے مشابہ قرار دیا ہے اور ایرانی نظام کے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ مقتول کمانڈر میجر جنرل قاسم سلیمانی کی ہلاکت کا بدلہ لیا جائے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے ایک نشری تقریر میں کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ صدام ہی کی طرح ہیں۔

بسیمہ، سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی سردار جمعہ خان زئی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

این آر او نہ دینے کے شوشے کے دعویداروں کے غبارے سے ہوا نکل چکی ہے، آغا محمود شاہ

پی ڈی ایم کے خلاف سازش کرنے والوں کی ڈوریاں بے نقاب ہو کر ناکام ہو گئیں، مولانا عبدالغنی حاجی

گنداخہ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی جنرل سیکریٹری شاہین جمعیت ایم این اے حضرت مولانا آغا سید محمود شاہ صاحب اور جے یو آئی جعفر آباد کے امیر مولانا عبدالغنی حاجی صاحب ڈیرہ الہیار مدرسہ دارالہدیٰ کریمہ میں 10 جنوری ڈویژن نصیر آباد شمول سبی کے زیر اہتمام احتجاجی جلسہ کے حوالے سے جمعیت علماء اسلام ضلع جعفر آباد ضلع صحبت پور کے مجلس بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

خضدار لیویز فورس کی بڑی اہم کاروائی، ملک کو بڑی تباہی سے بچا دیا، 88 کلو بارودی مواد برآمد

خضدار (نامہ نگار) لیویز فورس خضدار کا اپنی نوعیت کا ایک بہت بڑی اور اکلوتا کاروائی دہشت گردی کا ایک بہت بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا بڑی تعداد میں بارودی مواد برآمد، ڈپٹی کمشنر خضدار کا لیویز تھانہ باغبانہ میں پریس کانفرنس بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی بھارت اور اسکی خفیہ ایجنسیاں ملوث ہیں

دنیا کو بھارت کی پاکستان میں مداخلت نظر نہیں آرہی ہے، سید شاہ اللہ آغا

کوئٹہ (این این آئی) تحریک جوانان پاکستان کے زیر اہتمام سینئر نائب صدر سید شاہ اللہ آغا اور جنرل سیکرٹری میر غفار بادینی کی قیادت میں جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے مظاہرین سے سینئر نائب صدر سید شاہ اللہ آغا، جنرل سیکرٹری میر غفار بادینی، کوئٹہ سٹی کے صدر سردار امین کاکڑ، بلوچ ونگ کے صوبائی صدر صہیب الرحمن اچکزئی، جنرل سیکرٹری میر منیر بادینی، تاجر ونگ کے اسماعیل بادینی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی بھارت اور اسکی خفیہ ایجنسیاں ملوث ہیں دنیا کو بھارت کی پاکستان میں مداخلت نظر نہیں آرہی ہے جبکہ کیچ میں کریمہ بلوچ کی طبعی موت کو بہانہ بنا کر بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کینٹ پولیس نے ون ویلنگ کرنے والے 2 درجن سے زائد موٹر سائیکل تھانے میں بند کر دیئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کینٹ پولیس نے ون ویلنگ کرنے والے 2 درجن سے زائد موٹر سائیکل تھانے میں بند کر دیئے۔ ایس ایچ او کینٹ پولیس تھانہ مغلضان نے بتایا کہ ایس پی سٹی نور محمد بزنجو اور اے ایس پی کینٹ پری گل کی خصوصی ہدایت پر کینٹ پولیس نے بند ہائی پاس پر کارروائی کرتے ہوئے ون ویلنگ کرنے والے 2 درجن سے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

حکومت چھتہ تون و ملحقہ علاقوں کے غریب لوگوں کی بے بسی پر رحم کھا کر مدد کرے، خلیل احمد بھلول

خضدار ضلع کے دور افتادہ علاقہ چھتہ تون کے باسی دنیاء میں بے بسی کی زندہ تصویر بن گئے

فاقہ کشی کے باعث متعدد لوگ جاں بحق، صحت و تعلیم اور سڑک دور کی بات وہاں کے لوگوں کے پاس کھانے کو کچھ نہیں

خضدار (این این آئی) خضدار ضلع کے دور افتادہ علاقہ چھتہ تون کے باسی دنیاء میں بے بسی کی زندہ تصویر بن گئے، فاقہ کشی کے باعث متعدد لوگ جاں بحق، صحت و تعلیم اور سڑک دور کی بات وہاں کے لوگوں کے پاس کھانے کو کچھ نہیں، سینئر ڈاکٹر نے علاقہ کے دورے کے بعد میڈیا کو روئیداد سناتے ہوئے رو پڑے، حکومت کو اللہ کا واسطہ دیکر اپیل کرتا ہوں کہ چھتہ تون و ملحقہ علاقوں کے عوام کی بے بسی پر رحم کھا کر مدد کرے، ورنہ انسانی المیہ پیش آسکتا ہے۔ ڈاکٹر خلیل احمد بھلول کی اپیل تفصیلات کے مطابق خضدار کے نواحی علاقہ چھتہ تون ناہموار و دشوار گزار پہاڑوں کے بیچ اور سطح زمین سے بلندی پر واقعہ ہے۔ اس علاقے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

گنداخہ قبو سعید خان کے سماجی رہنما ساگر چانڈیو کی بیسویں سالگرہ منائی گئی

یوتھ آرگنائزیشن محمل گھمی میں کام کرے اس کے ساتھ بھرپور تعاون کیا جائے گا، میر احمد خان گھمی صاحب

گنداوہ (نامہ نگار) محمل گھمی گنداوہ، نوابزادہ میر احمد خان گھمی صاحب نے پراجیکٹ یو این او چھوا اور پی ڈی ایم اے کے تعاون سے یوتھ آرگنائزیشن محمل گھمی کے دفتر کا افتتاح کیا ان کے ساتھ چیف مقدم سکندر خان گھمی بھی تھے۔ پراجیکٹ کے حوالے سے یوتھ آرگنائزیشن محمل گھمی بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

سکھر شہر میں ڈرینج کا نظام انتہائی خراب ہو چکا ہے، سید شفقت علی شاہ

محکمہ پبلک ہیلتھ ڈپارٹمنٹ سمیت سکھر کے منتخب نمائندگان بھی شہریوں کو صاف پانی دینے میں مکمل طور ناکام نظر آتے ہیں

روہڑی (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ف کے صوبائی رہنما سید شفقت علی شاہ نے کہا ہے کہ سکھر انتظامیہ کی مسلسل نااہلی اور مجرمانہ غفلت کے باعث شہریوں سے بلدیاتی سہولیات چھینے کی ناکام کوشش کی جا رہی ہے جو کسی صورت برداشت نہیں کر پائے سکھر اور اسکے گردونواح کے علاقوں میں شہریوں کو پینے کا صاف پانی نہیں مل پا رہا ہے، گندہ اور بدبودار پانی کی فراہمی کے باعث شہری مختلف امراض کا شکار ہو رہے ہیں لیکن ان کی شکایات پر بھی کوئی سرکاری افسران یا منتخب نمائندگان کان دھرنے کو تیار بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

اپوزیشن منفی عزائم ترک کر دے تو بند گلی سے نکلنے کا راستہ مل سکتا ہے، ترجمان پنجاب حکومت

فضل الرحمان کے چہرے کی ناگواری سارے حالات کی خبر دے رہی ہے، مسرت جمشید چیمہ

لاہور (این این آئی) ترجمان پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ تحریک کی ناکامی کے بعد ساری پی ڈی ایم "فیس سیونگ فارمولا" سامنے آنے کی تلاش میں ہے، مولانا فضل الرحمان کی پی ڈی ایم میں کوئی حیثیت نہیں رہی اور ان کے چہرے کی ناگواری سارے حالات کی خبر دے رہی ہے، رانا ثناء اللہ سیاسی آقاؤں کی خوشنودی کیلئے نیب کے ادارے کو دھمکانے سے باز رہیں، غنڈوں کے بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

اسلام آباد پولیس کی کارروائی، نوشہرہ سے تعلق رکھنے والا محمد ہمایوں نامی شخص گرفتار، اسلحہ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ نون پولیس نے دوران چیکنگ نوشہرہ سے تعلق رکھنے والا محمد ہمایوں نامی شخص گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم کی تلاشی کے دوران قبضہ سے 5 عدد بھل و روند برآمد کر لئے گئے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔

آئی ٹی کا شعبہ پہلے کی نسبت اب کافی زیادہ ترقی کر چکا ہے، شبیر بادینی

پوری دنیا آئی ٹی کی بدولت روز بروز ترقی کے منازل طے کر رہی ہے، ایڈیشنل سیکریٹری آئی ٹی

نصیر آباد (ٹی این) ایڈیشنل سیکریٹری آئی ٹی شبیر بادینی نے نصیر آباد میں قائم آئی ٹی انسٹیٹیوٹ کا جائزہ لیا اس موقع پر ڈائریکٹر آئی ٹی محمد اسماعیل مینگل، ڈویژنل ڈپٹی ڈائریکٹر آئی ٹی عبدالرحیم بلوچ، ڈسٹرکٹ آئی ٹی آفیسر عطاء اللہ بنگلزئی موجود تھے عبدالرحیم بلوچ نے انہیں تعمیراتی کام اور انسٹیٹیوٹ کے درپیش مسائل کے متعلق تفصیل سے آگاہی فراہم کی ایڈیشنل سیکریٹری آئی ٹی شبیر بادینی نے کہا کہ آئی ٹی کا شعبہ پہلے کی نسبت اب کافی زیادہ ترقی کر چکا ہے پوری دنیا آئی ٹی کی بدولت روز بروز ترقی کے منازل طے کر رہی ہے۔

تحصیلدار بختیار آباد میر لیاقت علی جتوئی نے مین بازار اور مین روڈ بختیار آباد کا اچانک دورہ

بختیار آباد (نامہ نگار) تحصیلدار بختیار آباد میر لیاقت علی جتوئی نے مین بازار اور مین روڈ بختیار آباد کا اچانک دورہ کیا۔ دورہ میں کورونا وائرس کے باعث نافذ دفعہ 144 کے تحت ماسک اور اس او پیز کی خلاف ورزی پر دکانداروں اور ہوٹل مالکان کو بھاری جرمانے کئے۔ اشیاء خورد کے نرخ نامے چیک کئے اور اشیاء مقررہ داموں فروخت کرنے والے دکانداروں کو جرمانے عائد کئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کم